اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھکر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے
DAILY PROMOTION | ABC Certified
روزنامہ
چیف ایڈیٹر الحاج چوہدری عبدالرحمٰن
اسلام آباد
پروموشن
ایڈیٹر: محمد صدیق انظر
جلد 19 | جمعۃ المبارک 30 اکتوبر 2026ء 18 جمادی الاول 1448ھ 16 کاتک 2082ب، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ: 171

پنجاب کے 23 اضلاع میں 40 پرائمری اسٹروک سینٹرز فعال، کسی کا علاج نہیں رکنا چاہیے — مریم نواز

20 اضلاع میں کیتھ لیب بنا رہے ہیں جتنا کام اب ہو رہا ہے پہلے کبھی نہیں کیا گیا، فالج کی روک تھام کیلئے آگاہی ضروری ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور چیمبر کے وفد کی ملاقات، کاروباری فروغ پر تبادلہ خیال، تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل، صنعتی ترقی کے فروغ کیلئے تجاویز اور سفارشات پیش

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب کے 23 اضلاع میں 40 پرائمری اسٹروک سینٹرز فعال ہیں، کسی کا علاج نہیں رکنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جنرل ہسپتال لاہور میں اسٹروک کارڈ تقسیم کر دیئے۔ اسٹروک کارڈ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے، اتنی بڑی آبادی کے حامل صوبے کی وزارت اعلیٰ آسان نہیں ہوتی، جب اللہ ایسا عہدہ دیتا ہے تو یہ خوش قسمتی بھی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹروک پروگرام عام عوام کیلئے شروع کیا جا رہا ہے، سٹروک کے حوالے سے لوگوں کو آگاہی نہیں ہے، اسٹروک کے مریضوں کی بحالی کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسرائیل کے خلاف مزاحمت نہیں رکے گی، حزب اللہ

اسرائیلی انتخابات کے نتائج سے فرق نہیں پڑتا، اسرائیل قبضہ برقرار نہیں رکھ سکتا، نعیم قاسم

بیروت (صباح نیوز) حزب اللہ کے سیکریٹری جنرل نعیم قاسم نے کہا ہے کہ اسرائیل میں حکومت کسی بھی جماعت کی ہو، حزب اللہ اپنی مزاحمتی پالیسی جاری رکھے گی۔ ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بنگلہ دیش: عوامی لیگ کے رہنما محبوب العالم حنیف کو سزائے موت سنا دی گئی

ڈھاکہ (صباح نیوز) بنگلہ دیش کی کالعدم سیاسی جماعت عوامی لیگ کے جوائنٹ جنرل سیکریٹری محبوب العالم حنیف کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

نئے اسرائیلی حملے عالمی منڈیوں کیلئے تباہ کن، عباس عراقچی

بہادر مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (صباح نیوز) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران پر نئے اسرائیلی حملے عالمی منڈیوں کے لیے تباہ کن ثابت ہوں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

مکہ اتحاد میں مزید ممالک شامل کیے جائیں، سردار مسعود



اسلام آباد (خبرنگار) آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر اور امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ اجتماعی دفاع، علاقائی تعاون اور دفاعی خود

بشریٰ بی بی، پی ٹی آئی متعدد رہنماؤں کی ضمانت کی درخواستیں خارج



اسلام آباد (آئی این پی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے بشریٰ بی بی و دیگر پی ٹی آئی راہنماؤں کیخلاف احتجاج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

امن مذاکرات بحالی کے لیے جے ڈی وینس کا محسن رضائی کو خط



واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امن مذاکرات کی بحالی کی کوشش میں ایرانی سیکیورٹی کونسل کے سربراہ محسن رضائی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

وزیر اطلاعات کا نیشنل سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا آگاہی کونسل قائم کرنے کا اعلان

کارپوریٹ کلچر کے تحت جنریشن زی ماہرین اور فیکٹ چیک میکانزم کی مدد سے جدید ترین پالیسیاں تشکیل دی جا رہی ہیں

ہم نے روایتی طریقے ختم کر کے پاکستان کا پہلا ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ قائم کر دیا، وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے ایک سے دو ہفتوں کے اندر ایک باقاعدہ اور بااختیار نیشنل سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا آگاہی کونسل قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد میں سائبر سیکیورٹی آگاہی ویک کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے تجویز دی کہ اس کونسل میں وفاقی وزارتیں، تمام صوبائی حکومتیں، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پاکستانی ایئرپورٹس پر مسافروں کی سہولت کو ترجیح ہے — شہباز شریف

سفری سہولیات بہتری کیلئے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، سہولت فراہم کرنیوالے افسران و عملے کو اعلیٰ سروس ڈیلیوری کی باقاعدہ تربیت فراہم کی جائے

ہوائی اڈوں پر موجود اداروں کے درمیان روابط کو مزید بہتر بنایا جائے، مسافروں کی سہولت کو ہر حال میں مقدم رکھا جائے، بہترین کیٹررز کی خدمات لی جائیں، وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم نے ایئرپورٹس پر بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم نے توسیعی منصوبوں کو معینہ مدت میں مکمل کرنے جبکہ توسیعی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے اور انہیں بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے توسیعی منصوبوں اور مسافروں کی سفری سہولیات کو بہترین بنانے کے لیے اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، ہوائی اڈوں پر مسافروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



وزیراعظم محمد شہباز شریف 29 اکتوبر 2026 کو پاکستانی ہوائی اڈوں پر خدمات کی بہتری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، خوراک مزید مہنگی ہونے کا خدشہ ہے، عالمی بینک

2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان

اسلام آباد (یو این پی) مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہونے اور خوراک سمیت مختلف اجناس کی قیمتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، جبکہ پاکستان میں مالی سال 2026-27 کے دوران کپاس کی پیداوار 6 فیصد کم ہونے کی پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

دسمبر تک نئے صوبوں کے قیام پر پیشرفت کا امکان ہے، فواد چوہدری

سینیٹ انتخابات سے قبل نئے صوبوں کی تشکیل کا معاملہ بھی آگے بڑھایا جا سکتا ہے، سابق وفاقی وزیر

لاہور (یو این پی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام اور آئینی ترمیم کے معاملے پر مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے ارکان اسمبلی اپنی قیادت کی مخالفت کے باوجود ترمیم کے حق میں ووٹ دے سکتے ہیں کیونکہ ان کی وفاداری اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

صحافی جمہوریت کے استحکام اور عوامی مسائل اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، سینیٹر طلحہ محمود

وزیراعظم ہیلتھ انشورنس اسکیم برائے جرنلسٹ و میڈیا ورکرز کا جلد اجراء ہوگا، میڈیا انڈسٹری سے وابستہ کارکنوں کی خدمات تسلیم کرتے ہیں اشفاق احمد خلیل، رئیسہ عادل

صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے مسائل کا جلد حل و فلاحی اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں، صدیق انظر، عبدالرزاق سیال مہوش ممتاز، کلیم شمیم و دیگر مقررین کا خطاب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آل پاکستان نیوز پیپرز اینڈ الیکٹرانک میڈیا ایمپلائز کنفیڈریشن (ایپنک) گلگت بلتستان چیپٹر کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس میں سینیٹ کی دفاعی کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر طلحہ محمود، وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات اشفاق احمد خلیل اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



ایپنک گلگت بلتستان چیپٹر کے نومنتخب عہدیداروں کا سینیٹر طلحہ محمود، وفاقی سیکرٹری اطلاعات و نشریات اشفاق احمد خلیل اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ رئیسہ عادل و دیگر کا گروپ فوٹو

غیر سیاسی خواتین کو قید کرنا ہماری روایات نہیں۔ بیرسٹر گوہر

نورین بی بی کی طبیعت خراب ہے، ان کو فی الفور رہا کیا جائے۔ چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (یو این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ غیر سیاسی خواتین کو قید کرنا ہماری روایات نہیں، خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے پارلیمنٹ کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ نورین بی بی کی طبیعت خراب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مری میں 2 نومبر سے 5 نومبر تک پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ

قومی مہم میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر مری

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت 2 نومبر سے 5 نومبر 2026 تک شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم "پولیو ریڈینس" کا اجلاس 29 اکتوبر 2026 بروز جمعرات ڈسی آفس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے لاہور چیمبر کے نومنتخب صدر علی حسام اصغر ملاقات کر رہے ہیں



روزنامہ پروموشن اسلام آباد
DAILY PROMOTION
ایڈیٹر محمد صدیق انظر
+92 333 5128826
حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھکر اور مظفرآباد میں بھی دستیاب ہے
پبلشر حاجی محمد صدیق انظر نے انکشاف پرنٹنگ پریس سملی ڈیم بھارہ کہو اسلام آباد سے چھپوا کر مکان نمبر 29 سٹریٹ 36 سیکٹر جی سکس ٹو اسلام آباد سے شائع کیا موبائل نمبر 92 333 5128826+

اداراتی صفحہ

پی ٹی آئی کا داخلی بحران

پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین اور مرکزی قیادت گزشتہ تین برس سے زیادہ عرصے سے جیل میں ہیں۔ جیلوں سے باہر بیٹھی قیادت بھی پارٹی کے لیے یا عمران خان سمیت دیگر رہنماؤں کی رہائی کے لیے وہ کچھ نہیں کرسکی جو وہ کرنا چاہتی تھی۔ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت نے مذاکرات اور مزاحمت، دونوں آپشنز اختیار کیے، لیکن کسی بھی آپشن کے ذریعے اسے کوئی کامیابی نہیں مل سکی۔ پی ٹی آئی کو خیبر پختون خوا میں حکومت ملی تھی، لیکن وہ بھی پی ٹی آئی کی مہم جوئی کی نذر ہوگئی۔ پی ٹی آئی کی سیاسی قیادت ہی نہیں، بلکہ عمران خان کی تینوں بہنیں بھی اس وقت جیلوں میں ہیں۔ پی ٹی آئی کی قیادت میں سے بہت سے لوگ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی ذمے داری سہیل آفریدی کی سیاسی مہم جوئی پر ڈالتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے اندر سے ایک سوچ یہ بھی ابھر رہی تھی کہ ہمیں قومی اسمبلی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس کو تبدیل کرنا چاہیے۔ ان کی جگہ پارٹی میں سے کسی کو بطور اپوزیشن لیڈر سامنے لانا چاہیے۔ اسی طرح پی ٹی آئی کے اندر مفاہمت اور مزاحمت کے حوالے سے بھی ایک بڑی سیاسی تقسیم دیکھنے کو ملتی ہے۔ ایک دھڑا حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ مذاکرات کا حامی ہے، جبکہ دوسرا دھڑا مزاحمت کی سیاست چاہتا ہے۔ دو دن قبل ہونے والے پارلیمانی پارٹی اور پارٹی کی کور کمیٹی کے اجلاس میں کچھ بڑے فیصلے کیے گئے ہیں۔ ان میں ایک بڑا فیصلہ تو یہی کیا گیا ہے کہ موجودہ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس پر بدستور اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ یہی اپوزیشن لیڈر کے طور پر اپنا کردار ادا کریں گے۔ اسی طرح یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ چونکہ سہیل آفریدی عمران خان کی حمایت کے ساتھ وزیرِ اعلیٰ بنے تھے، اس لیے اب بھی وہی ہمارے وزیرِ اعلیٰ رہیں گے۔ اگر یہ فیصلہ تبدیل ہونا ہے تو اس فیصلے کا اختیار کسی اور کے پاس نہیں، بلکہ عمران خان کے پاس ہے اور وہی یہ فیصلہ کرنے کے مجاز ہیں۔ ایک بات تو یہ سمجھ میں آتی ہے کہ وفاقی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کسی بھی صورت میں پی ٹی آئی یا عمران خان کو ان کی شرائط پر ریلیف نہیں دینا چاہتے۔ وہ چاہتے ہیں کہ عمران خان ان کے سامنے مکمل سرنڈر کریں تو انہیں کوئی رعایت مل سکتی ہے۔ لیکن اب تک کی خبروں کے مطابق عمران خان اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور وہ کوئی ایسا سمجھوتا نہیں کرنا چاہتے جس سے یہ تاثر ملے کہ وہ کسی ڈیل کے تحت باہر آئے ہیں۔ یہ سب کچھ اس لیے بھی ہو رہا ہے کہ پی ٹی آئی کے اندر ایک ہی وقت میں مختلف گروپ ایک دوسرے کے خلاف کام کر رہے ہیں، خیبر پختون خوا میں علی امین گنڈاپور کسی بھی صورت سہیل آفریدی کو تسلیم نہیں کرتے اور اسی طرح سہیل آفریدی کو بھی علی امین گنڈاپور کے حوالے سے سخت تحفظات ہیں۔ پی ٹی آئی کے حالیہ اجلاس میں کئی ارکان نے شرکت نہیں کی اور جو ارکان شریک ہوئے، وہ کچھ وقفے کے بعد بغیر کسی وجہ کے اجلاس چھوڑ کر چلے گئے۔ پی ٹی آئی کا مسئلہ یہ ہے کہ ایک طرف بانی پی ٹی آئی عمران خان جیل میں ہیں تو دوسری طرف پارٹی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی، ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید، اعجاز چودھری اور عمر سرفراز چیمہ بھی کوٹ لکھپت جیل میں قید ہیں۔ اس لیے پارٹی کے پرانے لوگوں کا پارٹی کی نئی قیادت سے رابطہ منقطع ہے، جس کی وجہ سے پارٹی کو داخلی بحران کا سامنا ہے۔ پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں پارٹی مختلف وجوہات کی بنا پر غیر فعال ہے، جبکہ خیبر پختون خوا میں داخلی معاملات نے اسے بہت زیادہ کمزور پوزیشن پر لا کر کھڑا کر دیا ہے۔ پی ٹی آئی کی ان داخلی کمزوریوں کی وجہ سے ریاست اور حکومت پر کوئی بڑا دباؤ نہیں ڈال سکی اور اس کا لانگ مارچ بری طرح سے ناکام ہوا ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ حالیہ پارلیمانی اور کور کمیٹی کے اجلاس میں تمام ارکان نے یہی آپشن دیا ہے کہ ہمیں ہر صورت میں مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ لیکن مذاکرات کن شرائط پر ہوں گے اور ان کا ایجنڈا کیا ہوگا، اس کا کسی کو کچھ نہیں پتا۔ حکومت پارٹی کے لوگوں کو عمران خان سے ملانے کے لیے بھی تیار نہیں ہے، تو ایسے میں انہیں مذاکرات سے کیا مل سکتا ہے، یہ خود ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ بیرسٹر گوہر ہوں یا سلمان اکرم راجا، محمود خان اچکزئی ہوں یا علامہ راجا ناصر عباس، ان کی قیادت میں اپوزیشن کوئی موثر کردار ادا نہیں کرسکی ہے۔ اسی طرح پی ٹی آئی یہ سمجھ رہی تھی کہ وہ اپنی مزاحمتی سیاست میں مولانا فضل الرحمن کو سیاسی طور پر ہم نوا بنا سکے گی، لیکن اس کے بھی امکانات بہت کم نظر آتے ہیں۔ کیونکہ مولانا فضل الرحمن اس وقت دھرنے اور احتجاجی سیاست کے مقابلے میں اپنی طاقت پارلیمانی فورم تک محدود رکھنا چاہتے ہیں۔ پی ٹی آئی پر ایک دباؤ یہ بھی ہے کہ اگر وہ گورنر راج اور ایمرجنسی سے نکلنا چاہتی ہے تو وفاقی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کی مرضی کا وزیرِ اعلیٰ نامزد کرے، جو وفاق سے مکمل تعاون کرے۔ لیکن یہ فیصلہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے اور اس کا اختیار عمران خان کے پاس ہی ہے۔ لیکن چونکہ عمران خان تک کسی کی رسائی نہیں ہے، اس لیے کچھ فیصلے عمران خان کی طرف سے ابھی تک سامنے نہیں آئے ہیں۔ یہ بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ جہاں پی ٹی آئی سڑکوں کی سیاست میں ناکام ہوئی ہے، وہیں اسے پارلیمانی فورم کی سطح پر بھی کوئی بڑی کامیابی نہیں مل سکی۔ پنجاب میں جہاں اس کے 90 سے زیادہ صوبائی اسمبلی کے ارکان ہیں، وہاں بھی ان کی مزاحمت بہت زیادہ کمزور دیکھنے کو ملتی ہے۔ پی ٹی آئی کی پوری قیادت ایک سطح پر خود بھی سمجھوتے کی سیاست کا شکار ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ اگر انہوں نے اس وقت مزاحمت کی کوشش کی تو انہیں بھی سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بظاہر حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کرنا چاہتے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ مذاکرات کے نام پر پی ٹی آئی کے ساتھ وقت گزاری میں زیادہ دلچسپی رکھتی ہے۔ اب کہا جا رہا ہے کہ اگر پی ٹی آئی 28ویں ترمیم پر مفاہمت کا رویہ اختیار کرتی ہے اور ترمیم پاس کرنے میں مدد دیتی ہے تو اسے ایک محفوظ راستہ دیا جا سکتا ہے۔ لیکن چونکہ 28ویں ترمیم کا مسودہ ابھی تک سامنے نہیں آیا، اس لیے دیکھنا ہوگا کہ اگر پی ٹی آئی سمجھوتا کرتی ہے تو وہ کن نکات پر کرے گی اور اس کی شکل کیا ہوگی۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اگر عمران خان درمیانی راستہ نکالیں تو مفاہمت کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ لیکن اگر وہ اپنی شرائط پر ڈٹے رہتے ہیں تو مفاہمت کا امکان محدود بھی ہوگا اور خود پی ٹی آئی کے لیے بھی نئی مشکلات پیدا ہوں گی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جو لوگ عمران خان سے مفاہمت چاہتے ہیں یا انہیں اپنی شرائط پر لانا چاہتے ہیں، ان کو یہ بھی بتانا ہوگا کہ دو طرفہ شرائط کے تحت عمران خان کو اس مفاہمت کی صورت میں کیا ملے گا۔ یہ جو آپشن ہے کہ عمران خان کو مکمل طور پر سرنڈر کروایا جائے گا، اس کے امکانات بھی کم نظر آتے ہیں۔

مربی محترم اساتذہ کی عظمت کو ہر لحظہ سلام



ہیں۔ میرے فاضل مرحوم اساتذہ کرام نے جاں فشانی اور عرق ریزی سے تعلیمی کام سرانجام دیکر ایسی یادگار چھوڑ گئے جسکی تحسین وتقلید دائمی رہے گی۔ بلاشبہ اساتذہ کی تعلیمی اور تربیتی کاوشیں ہر مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، جبکہ تعلیم وہ وسیلہ ہے جو انسان کو معاشرتی، سماجی اور اخلاقی تناظر میں شرف آدمیت بخشتا ہے۔ معلم کے کردار کے بغیر ''اخلاق سے عاری'' علم انسانی دماغ کا تعیش اور دل کا نفاق بن جاتا ہے، کیونکہ علم میں اخلاق اور عملی خوبیاں پیدا نہ ہوں تو یہ درخت بے ثمر اور بے فیض ہوتا ہے۔ ''معاشرے کی نوک پلک سنوارنے، یعنی معاشرے کی اصلاح، اخلاقی اقدار کو درست کرنے اور بگاڑ کو دور کرنے میں استاد کا کردار بنیادی اور کلیدی ہوتا ہے۔ یہ فرائضِ منصبی استاد کو معمارِ قوم ※ کا تمغہ عطا کرتے ہیں۔ "میرے پیارے اساتذہ کرام نے صرف کتابی علم ہی فراہم نہیں کیا، بلکہ ...

کبھی آنکھیں چھلک پڑتی ہیں تو کبھی مسکراہٹ ہونٹوں کی زینت بنتی ہے۔ ہمیشہ اپنی یادیں کسی نہ کسی بہانے سمیٹ کر رکھتا ہوں، اپنی اچھی یادوں کو زندگی کا حصہ بنایا اور بری یادوں سے دامن چھڑا لیتا ہوں، جو ناخوشگوار حالات سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے اور یوں زندگی کا مثبت پہلو سمیٹنے کیلئے خوبصورت اصول یہ ہے کہ انسان زندگی میں ان یادوں، سوچوں کو جگہ دے جو انکو آگے بڑھنے کا حوصلہ دے اور ان لوگوں کی یاد کو دل میں رکھے جنکی نظر میں وہ انمول ہو ورنہ زندگی کے سفر میں اتنے یادوں کا بوجھ لے کر چلنا مشکل ہو جاتا ہے، ماضی میں مت جیو، مستقبل کے خواب مت دیکھو بلکہ حال میں اپنے دل و دماغ کو موجودہ لمحے پر مرکوز رکھنا ہی عقل مندی اور سعادت مندی ہے، ان معمارِ قوم کی عظمت کو سلام! جنھوں نے نسل در نسل کو علم کا شعور دیکر ہمیں منزل مقصود تک پہنچایا۔ تمام اپنے اساتذہ کرام کی عظیم خدمات کو خراجِ تحسین ...

... دل کو مسرت و شادمانی فراہم کریں یا ماضی کی تلخ یادیں یا واقعات ذہن سے نہیں مٹ سکتیں۔ ان لمحات پر ملال، پشیمانی یا پچھتاوے کے بجائے زندگی میں فرحت، شادمانی یا دل کو سرور دینے والے لمحات، شعوری سوچ، ذاتی اقدار اور باہمی احترام کو ہمیشہ مستقبل کا ساتھی بنائیں۔ یادیں اچھی یا تلخ ہوں مگر زندگی ان کی مرہون منت ہے،

... پرخلوص کوشش اور سوز و گداز شامل ہے۔ میں نے میٹرک ہائی سکول لاوہ سے 1970 میں پاس کیا، دوران طالب علمی میرے شفیق، مہربان، ہمدرد اساتذہ کرام (کلاس اول سے پانچویں تک حافظ غلام محمد ریحان مرحوم، شیر محمد پچپند، مرید بخش ٹھی، سردار علی ڈھرنال جبکہ (کلاس ششم سے دہم تک ملک نذر محمد مرحوم انگلش، ملک بہاول الحق ...

ذرا ٹھہر جا، ابھی زندگی باقی ہے!



بحران میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ ہر انسان کی کہانی مختلف ہوتی ہے اور کسی کی اندرونی کیفیت کو صرف اس کے ظاہری رویے سے نہیں سمجھا جا سکتا۔

ہم اکثر لوگوں کو ان کی مسکراہٹ سے پہچانتے ہیں، ان کی کامیابیوں سے ان کی زندگی کا اندازہ لگاتے ہیں اور ان کے خاموش رہنے کو سکون سمجھ لیتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ انسان کے اندر چلنے والی جنگ ہمیشہ اس کے چہرے پر دکھائی نہیں دیتی۔

کچھ لوگ اپنے دکھ بیان کر دیتے ہیں، کچھ اپنے آنسوؤں میں چھپا لیتے ہیں اور کچھ اس خوف سے خاموش رہتے ہیں کہ کہیں ان کی تکلیف کو مذاق نہ بنا دیا جائے۔

ہر خاموش انسان مطمئن نہیں ہوتا، ہر مضبوط دکھائی دینے والا شخص بے خوف نہیں ہوتا اور ہر کامیاب انسان ضروری نہیں کہ اندر سے بھی خوش ہو۔

ہمارے معاشرے میں ہر شخص کے پاس ...

... کے دکھ کو سمجھنے میں فرق ہوتا ہے۔ کسی کو یہ بتانا کہ دنیا میں اس سے بھی زیادہ مشکلات ہیں، اس کی اپنی تکلیف کو ختم نہیں کرتا۔

کبھی کبھی انسان کو کسی ایسے شخص کی ضرورت ہوتی ہے جو اس کے مسائل کا فوری حل پیش کرنے کے بجائے اسے توجہ سے سن سکے۔ جو اس کی بات کا مذاق نہ اڑائے، اسے شرمندہ نہ کرے اور اس کے احساسات کو محض ڈراما قرار نہ دے۔

ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہر مسئلے کا حل صرف نصیحت نہیں ہوتا۔ بعض اوقات ہمدردی، محفوظ ماحول، عملی مدد اور ذہنی صحت کے ماہرین سے ...

... میں آج اپنے قارئین سے ایک سوال کرنا چاہتی ہوں:

فضائلِ جمعہ قرآن و احادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں!



جمعہ کا دن اسلامی تعلیمات میں خصوصی اہمیت، عظمت اور برکت کا حامل ہے۔ یہ دن مسلمانوں کے لیے عبادت، ذکرِ الٰہی، دعا، توبہ و استغفار اور اجتماعی اخوت و اتحاد کا مظہر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جمعہ کے نام سے ایک مستقل سورت نازل فرمائی اور اہلِ ایمان کو اس دن نمازِ جمعہ کے لیے خصوصی طور پر متوجہ ہونے کا حکم دیا۔ ...

... (صحیح بخاری: 929؛ صحیح مسلم: 850)

ریاست کا ماں جیسا روپ، مریم نواز کا تاریخی دورہ!



محترمہ مریم نواز صاحبہ کی ذات آج پنجاب کے کروڑوں محنت کشوں، غریبوں اور بے سہاروں کے لیے اُمید کی آخری کرن بن چکی ہے۔ ان کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر جب پورا صوبہ انہیں مبارکباد پیش کر رہا ہے، تو ملتان کے ایک گوشے میں بیٹھا یہ غریب لکھاری بھی انہیں دلی دعائیں دے رہا ہے۔ ایک مفلوک الحال قلمکار ہونے کے ناطے میرے پاس اتنے وسائل نہیں کہ میں ان کی سالگرہ کا کوئی کیک کاٹ سکوں، مگر سچی بات تو یہ ہے کہ ان کے عوام دوست کارنامے روزانہ ہمارے دلوں میں خوشیوں کے چراغ جلا دیتے ہیں۔ ...

میں رہنے پر مجبور ہوں جہاں ہر مہینے کا سورج ایک نئے قرض کے بوجھ کے ساتھ طلوع ہوتا ہے۔ میری یہ چھوٹی سی نوکری اور انتہائی کم تنخواہ صرف گھر کا کرایہ ادا کرنے تک محدود ہے، جبکہ پورے خاندان کی روٹی، بچوں کے تعلیمی اخراجات اور گھر کے بنیادی امور چلانے کے لیے مجھے ہر طرف سے قرض مانگنا پڑتا ہے۔ ...

... کی ترقی کا دائمی استعارہ بنائے۔ آمین!

مٹتی ثقافتیں اور بجھتے علوم!



دنیا میں جس طرح سب انسان ایک ہی طرح کی تقویم رکھنے کے باوجود ایک جیسے نہیں ہیں، صرف انسانوں میں ایک انگوٹھا ہی ایک جیسی لکیروں پر مبنی نہیں، اب یا انسانوں میں آج دن تک کسی دو انسانوں کے انگوٹھوں کی لکیریں ایک جیسی نہیں ہو سکیں، اسی طرح انسانی مزاج اور انداز بھی کبھی ایک جیسے نہیں ہو سکتے، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو مختلف اللسان بنایا، اور زبانوں کو زمین کے مختلف حصوں میں رکھا نہ کہ مختلف قبیلوں یا نسلوں میں، اب کوئی انسان عرب میں پیدا ہوا تو اس کی زبان عربی ہوگئی، کوئی برطانیہ میں پیدا ہوا تو اس کی زبان انگلش ہوگئی، اور اگر یہی لوگ زمین میں ہجرت کر کے کسی دوسرے زون میں چلے جائیں تو ان کے بچے وہاں کی زبان بولیں گے نہ کہ اپنے آباء و اجداد کی۔ ...

پاکستان میں نئے صوبے ناگزیر کیوں؟



پاکستان دنیا کا پانچواں بڑا آبادی والا ملک ہے لیکن افسوس کہ انتظامی ڈھانچہ آج بھی 1970 کی ...

آسامیوں پر حق سب سے پہلے اسی خطے کے مقامی نوجوان کا ہوگا۔ وفاقی نوکریوں، سی ایس ...

بقیہ نمبر 1

کا کہنا ہے کہ حزب اللہ کی جدوجہد کا تعلق اسرائیل کی داخلی سیاست سے نہیں بلکہ اسرائیل کے ساتھ جاری تنازع سے ہے۔ بی بی سی فارسی کے مطابق نعیم قاسم نے اپنے بیان میں کہا کہ اسرائیلی انتخابات میں کسی جماعت کی کامیابی یا ناکامی سے حزب اللہ کی پالیسی پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ ان کے بقول، اسرائیل پر کون حکومت کرتا ہے، اس سے انہیں کوئی سروکار نہیں، تاہم اسرائیل کو یہ سمجھنا ہوگا کہ وہ قبضہ برقرار نہیں رکھ سکتا اور اسے حزب اللہ کے مطابق ان کی سرزمین چھوڑنا ہوگی۔ نعیم قاسم کے بیان میں اس بات پر زور دیا گیا کہ اسرائیل میں سیاسی قیادت کی تبدیلی سے حزب اللہ کے مؤقف اور مزاحمتی پالیسی میں تبدیلی نہیں آئے گی،

بقیہ نمبر 2

انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں سزائے موت سنا دی گئی ہے۔ بین الاقوامی جرائم ٹریبونل-2 نے یہ فیصلہ 2024 کی جولائی عوامی تحریک کے دوران ضلع کُشتیا میں 6 افراد کے قتل سے متعلق مقدمے میں سنایا۔ بنگلہ دیشی میڈیا رپورٹس کے مطابق محبوب العالم حنیف کو اسی مقدمے کے دیگر الزامات میں عمر قید با مشقت کی سزا بھی سنائی گئی ہے۔ مقدمے میں ان سمیت عوامی لیگ کے چار رہنماؤں کو نامزد کیا گیا تھا، تاہم چاروں ملزمان مفرور ہیں۔ مقدمے کے دیگر ملزمان میں کُشتیا ضلع عوامی لیگ کے صدر صدرالدین خان، جنرل سیکریٹری اظہر علی اور شہر عوامی لیگ کے جنرل سیکریٹری عطاءالرحمٰن آتا شامل ہیں۔ ٹریبونل نے ان ملزمان کو بھی مختلف الزامات کے تحت عمر قید با مشقت اور دیگر سزائیں سنائیں۔ عدالت نے سزا پانے والے تمام ملزمان کی غیر منقولہ جائیداد کا نصف حصہ ضبط کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔ فیصلے کے مطابق ضبط شدہ جائیداد فروخت کر کے حاصل ہونے والی رقم جولائی فاؤنڈیشن یا کسی دوسرے قانونی ادارے کے ذریعے تحریک کے دوران ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کو معاوضے کی مد میں ادا کی جائے گی۔ محبوب العالم حنیف بنگلہ دیش کی سیاسی جماعت عوامی لیگ کے سینئر رہنما اور جوائنٹ جنرل سیکریٹری ہیں۔ ان کا تعلق ضلع کُشتیا سے ہے اور وہ ماضی میں کُشتیا-3 کے حلقے سے متعدد مرتبہ رکن پارلیمان منتخب ہو چکے ہیں۔ وہ طویل عرصے تک عوامی لیگ کی مرکزی قیادت کا حصہ رہے اور 2009 میں پارٹی کے جوائنٹ جنرل سیکریٹری منتخب ہوئے۔ اسی سال سے 2013 تک انہوں نے اس وقت کی وزیراعظم شیخ حسینہ کے خصوصی معاون کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ بنگلہ دیش میں 2024 کی جولائی تحریک کے بعد سیاسی حالات میں بڑی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ اس دوران ہونے والے تشدد اور ہلاکتوں سے متعلق مقدمات میں سابق حکومتی جماعت عوامی لیگ کے متعدد رہنماؤں کے خلاف قانونی کارروائیاں کی گئیں۔ محبوب العالم حنیف کے خلاف حالیہ فیصلہ بھی اسی سلسلے کا حصہ ہے

بقیہ نمبر 3

نے ایک بیان میں کہا کہ خلیج فارس کے خطے میں اسرائیل کی جانب سے کسی بھی قسم کی فوجی مہم جوئی عالمی منڈیوں پر تباہ کن اثرات ڈالے گی، جو گیس فراہم کرنے والوں اور صارفین، دونوں کے لیے ایک بڑی تشویش کا باعث ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ بہادر مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں جبکہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ثالثوں کے ساتھ مسلسل قریبی رابطے میں ہیں تاکہ ایسی تجاویز کا جائزہ لیا جاسکے جن کے ذریعے ہمارے سات روزہ منصوبے پر ایک ہفتے سے بھی کم وقت میں عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 4

اتھارٹی (پی ٹی اے)، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی اے)، سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (سمپرا) اور اقوام متحدہ کا ادارہ برائے ترقی (یو این ڈی پی) شامل ہو سکتے ہیں، جبکہ پی ٹی اے اس کونسل کی قیادت کرے۔ کونسل کے قیام کے مقاصد پر بات کرتے ہوئے عطا تارڑ نے زور دے کر کہا کہ محض رسمی مہمات یا ایک ہفتے کی آگاہی سے ڈیجیٹل چیلنجز پر قابو نہیں پایا جاسکتا، اس لیے یہ کونسل قائم کی جائے تاکہ سال کے 365 دن عوامی سطح پر آگاہی اور اصلاحات کو ممکن بنایا جاسکے۔ نئی کونسل کی ضرورت پر مزید بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہنا تھا کہ ہمارا معاشرہ سوشل میڈیا کی آمد اور تیزی سے بدلتی ٹیکنالوجی کے لیے تیار نہ تھا

بقیہ نمبر 5

سیاسی قیادت کے بجائے ان قوتوں کے ساتھ ہے جن کی حمایت سے وہ منتخب ہوئے، عمران خان اور اسٹیبلشمنٹ نئے نظام کی تشکیل اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے معاملے پر ایک پیج پر ہیں، اگر پاکستان تحریک انصاف نئے صوبوں کے قیام کی حمایت میں ووٹ دیتی ہے تو اس سے اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی کے تعلقات میں بہتری آسکتی ہے جبکہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی صورتحال ختم کر کے صوبے میں پی ٹی آئی کی حکومت بحال کرنے کی راہ بھی ہموار ہوسکتی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مختلف لوگوں سے ہونے والی بات چیت کی بنیاد پر انہیں یہ معلومات ملی ہیں کہ دسمبر تک آئینی ترمیم اور نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے پیشرفت ہوسکتی ہے، سینیٹ انتخابات سے قبل نئے صوبوں کی تشکیل کا معاملہ بھی آگے بڑھایا جا سکتا ہے، اسٹیبلشمنٹ کی سوچ واضح ہے کہ طرز حکمرانی میں بہتری کے لیے اختیارات کی تقسیم اور انتظامی اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی ضروری ہے

بقیہ نمبر 6

میں منعقد ہوا، جس کے بعد بچوں کو قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مری جنرل کامران صغیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروس مری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اور ضلع کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پولیو ٹیموں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کی ہدایت کی اور پولیس سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فیلڈ اسٹاف کو بھرپور سیکیورٹی فراہم کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کی صد فیصد کوریج کو یقینی بنایا جائے گا اور اس قومی مہم میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 7

ہونے پر تشویش ہے، ان کو فی الفور رہا کیا جائے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ عمران خان کی دیگر دونوں بہنوں کو بھی رہا کیا جائے انہوں نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کرنا کوئی جرم نہیں، پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کی سنجیدہ مشاورت کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 8

گوئی کی گئی ہے۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری کردہ اجناس کی قیمتوں سے متعلق رپورٹ کموڈیٹی آؤٹ لک کے مطابق 2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ توانائی اور خوراک کی بڑھتی ہوئی قیمتیں دنیا بھر میں مہنگائی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر توانائی کی قیمتیں 2026 میں مجموعی طور پر 32 فیصد بڑھ سکتی ہیں، جبکہ برینٹ خام تیل کی اوسط قیمت 91 ڈالر فی بیرل رہنے کا امکان ہے، اسی طرح عالمی منڈیوں میں خوراک کی قیمتوں میں بھی سال کے دوران 10 فیصد اضافے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ عالمی بینک نے مالی سال 2026-27 کے دوران پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں 6 فیصد کمی کی پیش گوئی کی ہے

بقیہ نمبر 9

کیسز میں ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج کردیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں ملزمان کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ بشریٰ بی بی کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج کردی گئیں، جنید اکبر، لطیف کھوسہ، نعیم حیدر پنجوتھا کی ضمانت بھی خارج کی گئیں۔ اس کے علاوہ اسد قیصر، علی زمان، ایمان وسیم، عاطف خان، فضل محمد کی ضمانت کی درخواستیں بھی خارج کی گئیں، پی ٹی آئی راہنماؤں کی 250 ضمانت کی درخواستوں پر سماعت تھی، عدالت نے پیش ہونے والے ملزمان کی ضمانتوں میں 11 فروری تک توسیع کردی۔

بقیہ نمبر 10

ایک خط بھیجا ہے۔ وال سٹریٹ جرنل نے امریکی حکام کے حوالے سے بتایا کہ امریکی نائب صدر نے یہ خط امن مذاکرات کی دوبارہ بحالی کے لیے لکھا۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ رابطہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملے کی دھمکی دی ہے۔ جے ڈی وینس نے امریکی صدر کی ہدایت پر خط لکھا ہے، خط کا مقصد ایران سے تعطل کا شکار امن مذاکرات دوبارہ شروع کرنا ہے۔ محسن رضائی ایران کی اہم شخصیات میں شمار ہوتے ہیں، جو کہ ماضی میں ایرانی پاسداران انقلاب کے طویل ترین عرصے تک کمانڈر رہ چکے ہیں۔ ٹرمپ کی جانب سے دوبارہ جنگ شروع کرنے کی دھمکیوں کا سلسلہ جاری ہونے کے باوجود جے ڈی وینس مذاکرات کیلئے ایران سے رابطہ کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 11

۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فنڈز کی کمی کی بنیاد پر کسی مریض کا علاج نہیں رکنا چاہئے، فالج کسی کو بتا کر نہیں آتا، ایک نوجوان کو دیکھا، بروقت انجکشن لگنے سے وہ بچ گیا، فالج کے مرض کی روک تھام کے لئے آگاہی ضروری ہے، چند ماہ کے اندر پرائمری اسٹروک سینٹرز کی تعداد بڑھائی ہے، 23 اضلاع میں 40 پرائمری اسٹروک سینٹرز فعال ہیں، 15 پرائمری اسٹروک سینٹرز مزید بن رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ فالج کے بعد مریض کا بروقت علاج بہت اہمیت رکھتا ہے، فالج میں لگنے والے 3 لاکھ کے انجکشن کو غریب نہیں خرید سکتا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا کینسر ہسپتال بن رہا ہے جو کہ جلد فعال ہوجائے گا،

بقیہ نمبر 12

کہ یہ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 60ویں سالگرہ کے موقع پر ہو رہا ہے، اور یہ 2027 میں سنگاپور کی جانب سے آسیان (ASEAN) کی صدارت سنبھالنے سے قبل عمل میں آرہا ہے۔ دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اور وزیر خارجہ بالاکرشنن کے مابین دوطرفہ مذاکرات ہوں گے جن میں پاکستان اور سنگاپور کے تعلقات کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا جائے گا۔ وہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ اس موقع پر پاکستان کی نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (NDMA) اور سنگاپور کی سول ڈیفنس فورس (SCDF) کے درمیان آفات سے نمٹنے کے انتظام (ڈیزاسٹر مینجمنٹ) میں تعاون سے متعلق ایک مفاہمت کی یادداشت (MoU) کا تبادلہ کیا جائے گا۔ وزیر خارجہ بالاکرشنن پاکستان کی اعلیٰ قیادت سے بھی ملاقات کریں گے۔ پاکستان اور سنگاپور کے درمیان خوشگوار دوطرفہ تعلقات قائم ہیں، جن کی بنیاد باہمی احترام اور دیرینہ دوستی پر ہے۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے اس مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ اپنی دوطرفہ شراکت داری کو مزید گہرا اور متنوع بنائیں۔

بقیہ نمبر 13

کے دوران اپنے پہلے بیان میں اسرائیل میں تبدیلی لانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں آئزن کوٹ نے کہا کہ وہ ووٹرز کی خواہشات پر عمل درآمد یقینی بنانے کیلئے ملاقاتوں، مشاورت اور تیاریوں میں مصروف رہے ہیں۔ آنے والے دنوں میں مزید طویل جدوجہد درپیش ہے، تاہم ان کی توجہ اسرائیل میں تبدیلی لانے اور لازمی فوجی بھرتی کی پابند حکومت تشکیل دینے پر مرکوز ہے۔ ابتدائی ایگزٹ پولز میں آئزن کوٹ کے اتحاد کو نیتن یاہو کے اتحاد پر معمولی برتری حاصل دکھائی گئی تھی، اس موقع پر آئزن کوٹ نے کہا تھا کہ اسرائیلی عوام نے تبدیلی کے حق میں ووٹ دیا ہے، تاہم انہوں نے اپنی واضح کامیابی کا اعلان نہیں کیا۔ تازہ تخمینوں کے مطابق، نیتن یاہو کے اتحاد کو 53 نشستیں ملنے کا امکان ہے، جو سبکدوش ہونے والی پارلیمان میں ان کے اتحاد کی 68 نشستوں سے نمایاں کم ہیں۔ دوسری جانب آئزن کوٹ کے اتحاد کو 48 نشستیں ملنے کی توقع ہے، جبکہ عرب جماعتوں کو ریکارڈ 19 نشستیں حاصل ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 14

جاتے ہوئے ناکہ بندی کی کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کیا، اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشت گرد ہلاک ہوگیا۔ بولیدہ کیھلاتے مبناز میں ہلاک دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کا علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں جو آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

ہوائی اڈوں کی توسیع اور ہوائی اڈوں پر مسافروں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا، اجلاس کو بڑے ایئرپورٹس پر سفری سہولیات کے معیار کو جانچنے کے حوالے سے حال ہی میں بین الاقوامی فرم کے ذریعے مکمل کیے گئے سروے کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو کراچی اور لاہور ایئر پورٹس کے توسیعی منصوبوں کے علاوہ ملک بھر میں سول ایوی ایشن اتھارٹی کی جانب سے مختلف ہوائی اڈوں کی اپ گریڈیشن و جاری ترقیاتی کاموں پر بریفنگ دی گئی، اجلاس کو بتایا گیا کہ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی کے رن وے کی توسیع مکمل ہوچکی ہے۔ اجلاس کو لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کے ماسٹر پلانز اور ان کے تحت توسیع کی منصوبہ بندی اور تعمیر کی معینہ مدت پر بریفنگ دی گئی، وزیراعظم نے تعمیر کو بین الاقوامی معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران سول ایوی ایشن اتھارٹی نے مقامی پروازوں کی بحالی کیلئے 14 ایئرپورٹس فعال کیے ہیں۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ پی آئی اے کی جانب سے مسافروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے سٹاف اور کاؤنٹرز کی تعداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بڑے ایئرپورٹس پر بارڈر مینجمنٹ کے خودکار نظام (E-Gates) کی تنصیب پر کام تیزی سے جاری ہے، مزید برآں کراچی ایئرپورٹ کو حب بنانے کے لیے بیز کار گو ویلیج پر بھی کام جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اسلام آباد ہوائی اڈے پر مسافروں کی سہولت کے لیے میٹ اینڈ گریٹ سروس شروع کی گئی ہے، اسی طرح ایف آئی اے نے ملک کے بڑے ایئرپورٹس پر مسافروں کی بروقت راہنمائی کے لیے پری ڈیپارچر ڈیسک قائم کیے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حیدرآباد میں ہوابازی کے موجودہ ادارے کو مزید بہتر کرکے بین الاقوامی معیار کی ایوی ایشن یونیورسٹی بنائی جارہی ہے جس پر فروری 2028 تک کام شروع کردیا جائے گا۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، مشیر وزیراعظم محمد علی، ارکان قومی اسمبلی راجہ اسامہ سرور، علی زاہد، وزیراعظم کے کوارڈینیٹر سردار یاسر الیاس اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 16

نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی، تقریب کے میزبان چیئرمین اپینک محمد صدیق انظر، نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے صدر عبدالرزاق سیال، سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ، اپینک گلگت بلتستان چیپٹر کی چیئرپرسن مہوش ممتاز بیگ، صدر میڈیا ورکرز آرگنائزیشن کلیم شمیم، سینئر صحافیوں طارق عثمانی، ڈاکٹر سعدیہ کمال، فورتھ پلر کے صدر فاروق مرزا، قربان ستی، محمد فیاض چوہدری، فرحت فاطمہ، عمران اکبر اور راجہ جاوید نے تقریب سے خطاب کیا تقریب میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی، سینیٹر محمد طلحہ محمود نے اپینک گلگت بلتستان کے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ تقریب میں مقررین نے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبود، ملازمتوں کے استحکام اور میڈیا انڈسٹری میں کام کرنے والے افراد کو درپیش مسائل کے حل کی ضرورت پر زور دیا۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافتی برادری کے مسائل کے حل اور میڈیا ورکرز کی فلاح و بہبود کے لیے متعلقہ اداروں، صحافتی تنظیموں اور حکومت کے درمیان مؤثر رابطوں کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ سینیٹر محمد طلحہ محمود نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحافی معاشرے میں سچائی کے فروغ، عوامی مسائل کی نشاندہی اور جمہوری اقدار کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھنا اور ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ورکرز کو درپیش مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں گے اور صحافیوں و میڈیا ورکرز کے حقوق کے تحفظ، ان کے مسائل اجاگر کرنے اور فلاحی اقدامات کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ وفاقی سیکرٹری اطلاعات اشفاق احمد خلیل نے اپنے خطاب میں کہا کہ صحافت، حکومت اور عوام کے درمیان رابطے کا ایک اہم ذریعہ ہے، جبکہ صحافی عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور معلومات کی فراہمی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ میڈیا انڈسٹری سے وابستہ کارکنوں کی خدمات کو تسلیم کرنا اور انہیں درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی اداروں اور میڈیا ورکرز کی بہتری کے لیے متعلقہ حلقوں کے درمیان رابطے اور تعاون کو فروغ دینا چاہیے تاکہ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے بہتر ماحول فراہم کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ہیلتھ انشورنس سکیم برائے جرنلسٹس و میڈیا ورکرز کا اجراء جلد کیا جارہا ہے اور اس مرتبہ یہ اسکیم بہت بہتر انداز میں ہوگی انہوں نے کہا کہ تمام صحافیوں و میڈیا ورکرز کے لئے میرے دروازے ہر وقت کھلے ہیں ہمیں ملکر میڈیا انڈسٹری کی تعمیر و ترقی کے لئے کام کرنے کی ضرورت ہے پرنسپل انفارمیشن آفیسر محترمہ ریئسہ عادل نے اس موقع پر کہا کہ صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی پیشہ ورانہ خدمات نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ میڈیا کے شعبے میں کام کرنے والے افراد کو درپیش مسائل کے حل کے لیے صحافتی تنظیموں اور متعلقہ اداروں کے درمیان مسلسل رابطہ ضروری ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اپینک کے نو منتخب عہدیدار صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی فلاح و بہبود، ان کے مسائل کی نشاندہی اور ان کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، چیئرمین اپینک محمد صدیق انظر نے اپنے خطاب میں کہا کہ صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے حقوق کا تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود صحافتی تنظیموں کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ میڈیا انڈسٹری میں کام کرنے والے کارکن مختلف مشکلات کے باوجود اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں، اس لیے ان کے مسائل کے حل اور بہتر کام کے ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے تمام مہمانوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ صحافتی تنظیموں کے درمیان اتحاد اور باہمی تعاون کو مضبوط بنا کر میڈیا ورکرز کے مسائل مؤثر انداز میں متعلقہ فورمز پر اٹھائے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے اپینک گلگت بلتستان چیپٹر کے نو منتخب عہدیداروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ میڈیا برادری کی نمائندگی اور فلاح و بہبود کے لیے فعال کردار ادا کریں گے۔ صدر ایم ڈبلیو او کلیم شمیم نے کہا کہ صحافت ایک اہم پیشہ اور قومی ذمہ داری ہے، جس میں صحافیوں کے ساتھ ساتھ میڈیا ورکرز بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافتی اداروں کے استحکام کے لیے ضروری ہے کہ ان سے وابستہ کارکنوں کے حقوق، معاشی تحفظ اور پیشہ ورانہ ترقی کو اہمیت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی تنظیموں کو باہمی رابطوں اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے میڈیا ورکرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ تنظیمی امور کو بہتر انداز میں آگے بڑھائیں گے اور اپنے ساتھیوں کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔ اپینک جی بی گلگت بلتستان مہوش ممتاز بیگ نے شرکاء کی آمد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اپینک گلگت بلتستان اپنے علاقے کے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے حقوق کے تحفظ، ان کی فلاح و بہبود اور تنظیمی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ تنظیمی اتحاد، باہمی مشاورت اور اجتماعی جدوجہد کے ذریعے میڈیا ورکرز کے جائز حقوق کے حصول اور ان کے مسائل کے حل کی کوششوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے دیگر مقررین نے بھی اپنے خطاب میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی خدمات، تنظیمی یکجہتی اور ان کے حقوق کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا اور نو منتخب عہدیداروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر اپینک گلگت بلتستان چیپٹر کے نو منتخب عہدیداروں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا اور اس امید کا اعادہ کیا گیا کہ وہ صحافتی برادری کے مسائل کے حل، میڈیا ورکرز کی فلاح و بہبود اور تنظیم کو مزید فعال بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 17

تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ وزیر خزانہ نے سعودی سفیر کو پاکستان میں معاشی استحکام، زرمبادلہ کے ذخائر اور مہنگائی کی صورتحال میں بہتری کے ساتھ عالمی کریڈٹ ریٹنگ میں اضافے سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر عالمی سرمایہ منڈیوں تک پاکستان کی دوبارہ رسائی کے اقدامات کا بھی ذکر کیا گیا، جن میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز کا اجرا اور چین کی سرمایہ منڈی تک رسائی شامل ہیں۔ ملاقات کے دوران زراعت، معدنیات، کان کنی اور دیگر اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ دونوں جانب سے اس امر پر زور دیا گیا کہ اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے مشترکہ ترجیحات کو عملی منصوبوں اور ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے اور دوطرفہ تجارتی روابط کو مضبوط بنایا جائے۔ اعلامیے کے مطابق فریقین نے علاقائی صورتحال اور جاری تنازعات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر امن و استحکام کے فروغ اور خطے کے اقتصادی امکانات کے تحفظ کو اہم قرار دیا گیا۔ پاکستان کے تزویراتی جغرافیائی محل وقوع اور علاقائی تجارت و راہداری کے مرکز کے طور پر اس کی صلاحیت کو بھی اجاگر کیا گیا۔ محمد اورنگزیب نے ساختی اصلاحات کا عمل جاری رکھنے اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے مستحکم، شفاف اور قابل پیش گوئی ماحول برقرار رکھنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات کے اختتام پر پاکستان اور سعودی عرب نے اپنی تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے اور تجارت و سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 18

اور بحرین کے علاوہ مصر، انڈونیشیا اور ملائیشیا کو بھی اس اتحاد میں شامل کرنے پر غور کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان، ترکیہ اور ایران کے کئی مسلم ممالک کے ساتھ تاریخی اور تزویراتی روابط موجود ہیں، جو وسیع تر علاقائی تعاون کی بنیاد فراہم کرسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اتحاد میں نئے ارکان کی شمولیت فوری طور پر یا مرحلہ وار ممکن ہے، جبکہ اس دوران ادارہ جاتی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور سیکرٹریٹ کے قیام کی طرف بھی توجہ دی جانی چاہیے۔ سردار مسعود خان نے زور دیا کہ خطے میں جاری کشیدگی نے مسلم ممالک کے لیے مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کی ضرورت مزید بڑھا دی ہے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ اگر موجودہ تنازع ختم ہونے کے بعد تعاون کو مستقل ادارہ جاتی بنیادیں فراہم نہ کی گئیں تو اس حوالے سے پیدا ہونے والی پیش رفت اور رفتار برقرار رکھنا مشکل ہوسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 19

۔ ایمان مزاری اور ہادی علی پر 7 اکتوبر کو فرد جرم عائد کی گئی تھی۔ عدالت کی جانب سے کیس میں اسٹیٹ کونسل مقرر کیا گیا تھا، اسٹیٹ کونسل عاطف محمود کی جانب سے گواہان پر جرح کی گئی۔ پراسیکیوشن کی جانب سے مجموعی طور پر کیس میں 7 گواہان کو پیش کیا گیا تھا۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف 25 اکتوبر 2024 کو مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 20

داریاں پوری کرنی چاہئیں لیکن اپوزیشن کو بھی فعال کردار کی ذمے داری اٹھانا پڑے گی، آپ کے فنانس کمیٹی میں نہ بیٹھنے سے پارلیمان کمزور ہوا پارلیمان طاقتور ہے تو ہم سب طاقتور ہیں۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ اپوزیشن سے درخواست ہے آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں، الیکٹرول ریفارمز پر کمیٹی بناتے ہیں لیکن اپوزیشن شریک نہ ہو تو پھر کیا فائدہ؟

بقیہ نمبر 21

باتیں کرنے کے بعد اب آپ کو ریاست کی نوکری نہیں ملے گی، میں ذاتی طور پر مولانا کی بہت عزت کرتا تھا۔ ریاست مخالف باتیں کرنے پر اب میرے دل میں ان کے احترام کی کوئی گنجائش نہیں رہی۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ میرے بارے کہا گیا کہ میں ایران گیا ہوا تھا، میرے اوپر جے یو آئی کافی دن سے بحث کررہی تھی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایران موجودہ بحران کے حل کے لیے گئے تھے، میں شوق سے نہیں جاتا مجھے وزیراعظم نے خصوصی ٹاسک دیا ہوا ہے، یہ موجودہ جنگ کے معاملات جو چل رہے ہیں اس پر وزیراعظم نے مجھے کچھ چیزیں سپرد کی ہوئی ہیں۔

بقیہ نمبر 22

ٹن پیٹرول درآمد کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ اسی ماہ ڈیزل کی درآمدات کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی، کیونکہ ملکی ذخائر اور ریفائنریوں کی متوقع پیداوار ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی تھی۔ وزیر پیٹرولیم کے مطابق 22 ستمبر 2026 تک ملک میں پیٹرول کے ذخائر تقریباً 3 لاکھ 95 ہزار ٹن تھے، جبکہ بندرگاہوں اور سمندری حدود میں موجود جہازوں سمیت پیٹرول کی مجموعی دستیابی 5 لاکھ 6 ہزار ٹن تھی۔ اس مقدار سے ملک کی 22 دن کی ضروریات پوری کی جاسکتی تھیں۔ تحریری جواب میں بتایا گیا کہ 22 ستمبر تک ڈیزل کے ذخائر 5 لاکھ 68 ہزار ٹن تھے، جو 30 دن کی ضروریات کے برابر تھے۔ پیٹرول کی فروخت میں جولائی 2026 کے دوران گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 18 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، تاہم اگست میں پیٹرول کی فروخت جولائی کے مقابلے میں تقریباً 9 فیصد کم رہی۔ قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار سے متعلق وزیر پیٹرولیم نے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی کی سات کاروباری دنوں کی اوسط قیمت کی بنیاد پر مقرر کی جاتی ہیں۔ اوگرا حکومت یا وزیراعظم کی منظوری کے بغیر یومیہ ایکس ڈپو قیمتیں جاری کرتی ہے۔ جواب کے مطابق آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے قیمتوں میں فرق سے متعلق کلیمز کی مجموعی مالیت 120.3 ارب روپے ہے، جن میں سے 53.8 ارب روپے ادا کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ نمبر 23

ابوالمعصوم پیر محمد فخر عالم جان اور زیر سرپرستی و نگرانی خواجہ ابوالجمال الشیخ پیر محمد بدر عالم جان ہوگی۔ عرس مبارک کی تقریب 30 اکتوبر بروز جمعہ بعد از نماز مغرب محفل حسن قرات و نعت خوانی سے شروع ہوگی۔ 31 اکتوبر بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء بڑی مرکزی محفل پاک ہوگی اور 3 نومبر بروز اتوار صبح 9 بجے سے بعد نماز ظہر موئے مبارک کے زیر سایہ پیر خواجہ ابوالجمال اختتامی خصوصی دعا کریں گے۔ عرس مبارک میں شرکت کیلئے 31 اکتوبر بروز ہفتہ دن 1 بجے خانقاہ نقشبندیہ مجددیہ خیریہ جی سیون ٹو ستارہ مارکیٹ اسلام آباد، پی پی ہسپتال اصغر مال روڈ نذر 4 نمبر چونگی سٹی میرج ہال بعد نماز ظہر زیر نگرانی صوفی محمد منیر الخیری کی سرپرستی میں اور جہاز گراؤنڈ شکریال نزد چونگی نمبر 8 سے بھی صوفی منیر ستی الخیری کی نگرانی میں بسیں پشاور شہر کیلئے روانہ ہونگی۔ اس کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے بھی اپنے مقررہ وقت میں بسیں روانہ ہونگی۔

بقیہ نمبر 24

کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی، جائزے میں 20 صوبائی محکموں سے متعلق قوانین شامل ہیں جب کہ پراسیکیوشن، جامعات اور میڈیکل ٹیچنگ اداروں سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے اختیارات اور مراعات سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ اس حوالے سے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور نے کہا کہ پی ٹی آئی دور حکومت میں انتہائی متنازع اور عجلت میں منظور کیے گئے قوانین کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 25

4500 روپے فی من مقرر کر دی گئی ہے، جس پر صوبے بھر کے کسان نمائندوں نے حکومت کے اس اقدام کو خوب سراہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کاشتکاروں کی سہولت کے لیے 50 ہزار ٹریکٹرز اور جدید سپر سیڈرز فراہم کیے جا رہے ہیں۔ کسان کارڈ کے ذریعے اس وقت 10 لاکھ سے زائد کسان براہ راست مستفید ہو رہے ہیں۔ مریم نواز کے کسانوں پر کامل اعتماد کا ہی نتیجہ ہے کہ کسان کارڈ کی ریکوری سو فیصد سے بھی حاصل ہو رہی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے صوبائی حکومت کی دیگر فلاحی سکیموں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف جہاں نوجوانوں کو لیپ ٹاپس اور تعلیمی وظائف دیئے جا رہے ہیں، وہاں دوسری طرف کسانوں کو ٹریکٹر، سپر سیڈر اور کسان کارڈز مہیا کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا یہ مریم نواز کا پنجاب ہے، بدلتا ہوا پنجاب اور ترقی کرتا ہوا پنجاب، اب صوبے میں فلاحی اور ریلیف پیکج محض فائلوں یا سوشل میڈیا تک محدود نہیں رہے بلکہ گراؤنڈ پر عملی طور پر ڈیلیور ہوتے نظر آرہے ہیں۔

بقیہ نمبر 26

میں آنے کے وقت موجود تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ افغانستان میں 3 لاکھ سے زائد ہتھیار، 40 ہزار سے زائد فوجی گاڑیاں اور 78 طیارے امریکی انخلا کے بعد اسلحے کے ذخیرے کا حصہ رہے۔ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم کی رپورٹ میں طالبان کمانڈروں کی جانب سے فتنۃ الخوارج کو جدید اسلحہ فراہم کرنے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ فتنۃ الخوارج کو فراہم کیے جانے والے جدید ہتھیاروں میں ایم 24 اسنائپر رائفلز، ٹیلی اسکوپ سے لیس ایم 4 رائفلز اور تھرمل سائٹس سے لیس ایم 16 رائفلز شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جدید ہتھیاروں کی دستیابی دہشتگرد تنظیموں کی عملی صلاحیت میں اضافہ کر رہی ہے، طالبان کمانڈرز اور بلیک مارکیٹ کے ذریعے اسلحہ دہشتگردوں کو منتقل ہو رہا ہے، پاکستان میں دہشتگردوں سے برآمد 63 ہتھیاروں کے سیریل نمبرز سے ان کا امریکی اسلحہ سپلائرز سے تعلق ثابت ہوچکا ہے۔

بقیہ نمبر 27

کے ساتھ 2015 میں ہونے والے جوہری معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے نے تہران کے جوہری پروگرام پر پابندیاں عائد کرنے میں کردار ادا کیا تھا۔ اوباما نے کہا کہ انہوں نے میزائل داغنے کے بجائے سفارت کاری کا راستہ اختیار کیا تھا۔ سابق امریکی صدر نے ایران کے خلاف جنگ کے اثرات پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ کے نتیجے میں امریکا کے اتحادیوں اور فوجی اڈوں کو حملوں کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ متعدد امریکی ہلاک اور سیکڑوں زخمی ہوئے ہیں۔ اوباما کے مطابق جنگ کے دوران امریکا کے میزائلوں کے ذخائر میں بھی کمی آئی ہے، جس سے ملک پہلے کے مقابلے میں زیادہ غیر محفوظ ہوگیا ہے۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ آبنائے ہرمز پر ایران کا اثر و رسوخ بڑھ گیا ہے اور اسے اس اہم بحری گزرگاہ کے معاملات میں ویٹو جیسی طاقت حاصل ہوگئی ہے۔ باراک اوباما نے آبنائے ہرمز کی صورت حال کو تیل کی قیمتوں میں اضافے کی ایک وجہ قرار دیا۔ آبنائے ہرمز عالمی سطح پر تیل کی ترسیل کے لیے اہم گزرگاہ ہے، اس لیے وہاں کشیدگی عالمی توانائی کی منڈیوں کو متاثر کرسکتی ہے۔ علاوہ ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دیواروں پر سونا لگا کر وائٹ ہاؤس کو سجایا مگر مڈٹرم الیکشن کی مہم کے دوران ان کا یہی اقدام ان پر طنز کا سب سے بڑا ذریعہ بن گیا جہاں سابق صدور بل کلنٹن اور باراک اوباما نے ان کی تزئین و آرائش کو چٹکیلے بھڑکیلے باتھ روم اور ریسٹورنٹ سے تشبیہ دے دی۔ باراک اوباما نے ایک بار پھر ڈونلڈ ٹرمپ اور کنزرویٹو میڈیا کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ غیر سنجیدہ لوگوں پر مشتمل ہے جو مہنگائی جیسے حقیقی مسائل حل کرنے کے بجائے فضول اور سطحی معاملات پر حکومتی طاقت ضائع کر رہے ہیں۔ جارجیا کے علاقے مورو میں ڈیموکریٹک امیدواروں کی حمایت میں ایک بڑے انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے اوباما نے ٹرمپ کی جانب سے وائٹ ہاس کی تزئین و آرائش پر کیے گئے اپنے حالیہ طنز کا دفاع کیا۔ یاد رہے کہ اوباما نے طنز کرتے ہوئے کہا تھا کہ ٹرمپ نے وائٹ ہاس کو ایسا بنا دیا ہے جیسے صدام حسین نے چیز کیک فیکٹری کا ریسٹورنٹ کھول لیا ہو۔ چیز کیک فیکٹری ریسٹورنٹس کی ایک مشہور چین ہے، جو اپنی حد سے زیادہ آرائش کے لیے جانی جاتی ہے۔ جلسے سے خطاب میں اوباما کا کہنا تھا کہ یہ پاگل پن ہے، لیکن سب سے زیادہ حیران کن بات یہ ہے کہ انہوں نے میرے ایک مذاق پر پورا حکومتی نظام متحرک کردیا۔

بقیہ نمبر 28

عسکری صلاحیتوں کے خلاف 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں کی ہیں جن میں 239 حوثی کمانڈروں اور جنگجوؤں کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ مسلح افواج کے ترجمان کرنل ماجد النزیلی نے بیان میں بتایا کہ ان کارروائیوں کے دوران حوثیوں کے فیلڈ کمانڈ سینٹرز، قلعہ بندیوں، توپ خانے کے ٹھکانوں اور نقل و حرکت و رسد کیلئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان کا مزید بتانا ہے کہ ان وسیع فوجی کارروائیوں میں مجموعی طور پر 117 گاڑیاں اور مختلف قسم کا فوجی ساز و سامان بھی تباہ یا مکمل طور پر ناکارہ بنا دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 29

کا ادارہ برائے ترقی (یو این ڈی پی) شامل ہو سکتے ہیں، جبکہ پی ٹی اے اس کونسل کی قیادت کرے۔ کونسل کے قیام کے مقاصد پر بات کرتے ہوئے عطا تارڑ نے زور دے کر کہا کہ محض رسمی مہمات یا ایک ہفتے کی آگاہی سے ڈیجیٹل چیلنجز پر قابو نہیں پایا جاسکتا، اس لیے یہ کونسل قائم کی جائے تاکہ سال کے 365 دن عوامی سطح پر آگاہی اور اصلاحات کو ممکن بنایا جاسکے۔ نئی کونسل کی ضرورت پر مزید بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہنا تھا کہ ہمارا معاشرہ سوشل میڈیا کی آمد اور تیزی سے بدلتی ٹیکنالوجی کے لیے تیار نہ تھا اور اسی لیے ریگولیٹری فریم ورک بھی قائم نہیں کیے جاسکے اور یوں قوانین پر عملدرآمد کروانا ایک شدید چیلنج بن گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا ارتقا ہوا جس کے بعد این سی سی اے اور سمپرا جیسے ادارے بنے جو خود ارتقا کے عمل سے گزر رہے ہیں، لیکن ٹیکنالوجی اتنی تیزی سے بدل رہی ہے کہ اس کے ساتھ ساتھ چیلنجز اور خطرات بھی بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 30

بھر میں مہنگائی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر توانائی کی قیمتیں 2026 میں مجموعی طور پر 32 فیصد بڑھ سکتی ہیں، جبکہ برینٹ خام تیل کی اوسط قیمت 91 ڈالر فی بیرل رہنے کا امکان ہے، اسی طرح عالمی منڈیوں میں خوراک کی قیمتوں میں بھی سال کے دوران 10 فیصد اضافے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ عالمی بینک نے مالی سال 2026-27 کے دوران پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں 6 فیصد کمی کی پیش گوئی کی ہے، رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر کپاس کی پیداوار بھی 3 فیصد کم ہونے کا امکان ہے۔ کپاس پیدا کرنے والے دیگر بڑے ممالک میں چین کی پیداوار 6 فیصد اور امریکا کی پیداوار 3 فیصد گھٹنے کی توقع ہے، جبکہ برازیل اور بھارت میں کپاس کی پیداوار میں ایک، ایک فیصد اضافے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ عالمی بینک کی رپورٹ میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ 2027 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں 7 فیصد کمی ہو سکتی ہے، اس عرصے میں برینٹ خام تیل کی قیمت کم ہو کر اوسطاً 79 ڈالر فی بیرل تک آنے کا امکان ہے، قیمتوں میں مجموعی کمی کے باوجود 2027 میں عالمی سطح پر خوراک کی قیمتوں میں مزید 7 فیصد اضافے کا خدشہ برقرار ہے۔ عالمی بینک کے مطابق مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہوئی ہے، جس سے توانائی کی قیمتوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے، دوسری جانب روس یوکرین جنگ کے باعث بحیرہ اسود کے راستے زرعی اجناس کی ترسیل بھی متاثر ہوئی ہے۔ رپورٹ میں ال نینو کے ممکنہ اثرات پر بھی تشویش ظاہر کی گئی ہے، جس کے باعث زرعی پیداوار کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ عالمی بینک کے مطابق توانائی اور خوراک کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات عالمی معیشت پر مرتب ہوسکتے ہیں، جبکہ مہنگی توانائی اور غذائی اجناس سے دنیا کے مختلف ممالک میں مہنگائی کے دباؤ کو مزید بڑھا سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 31

کے فریب پر مبنی طرز عمل کا عکاس ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا ہے کہ افغان طالبان فورسز نے پاکستانی حدود میں شہریوں پر بلا اشتعال فائرنگ، مارٹر گولہ برسائے، طالبان رجیم کی بلا اشتعال فائرنگ بھارتی ہدایات اور پراکسی عناصر کے طے کردہ طریقہ کار کا تسلسل ہے۔ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے افغان طالبان جارحیت کا فوری اور بھرپور جواب دیا، طالبان کی 7 پوسٹیں تباہ کیں اور افغان طالبان کو بھاری جانی و مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا ہے کہ غیر نمائندہ طالبان رجیم اپنے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے۔

بقیہ نمبر 32

درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس اعجاز شوکت نے ذوفشاں صدیقی ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے استدعا کی کہ ہمیں امتحان میں شرکت کرنے کی اجازت دی جائے، جسٹس اعجاز شوکت نے ریمارکس دیئے کہ آپ کی درخواست تو اب غیر مؤثر ہوچکی ہے کیونکہ کل 30 اکتوبر کو آخری پیپر ہے، آپکی درخواست پر جواب 20 کو جمع ہوچکا آپ 23 اکتوبر کے امتحان سے پہلے متفرق درخواست دیتے، امتحان 23 اکتوبر سے شروع ہوئے تھے اب کیسے یہ درخواست سنوں، آج سیکنڈ لاسٹ پیپر ہے اور کل آخری پیپر ہے۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ عدالت یہ آرڈر کردے کہ ہمیں اگلے کسی بھی امتحان میں شرکت سے نہ روکا جائے، جسٹس اعجاز شوکت نے کہا کہ اگلا امتحان جب آئے گا تو آپ نئی درخواست دے دیناء، وکیل درخواست گزار نے کہا کہ اس نوعیت کی ایک اور عمیر شفیق ایڈووکیٹ کی درخواست یہاں زیر التوا ہے۔ جسٹس اعجاز شوکت نے کہا کہ وہ درخواست بھی غیر مؤثر ہو چکی ہے، وکیل نے کہا کہ ہم یہ والی درخواست پریس نہیں کررہے، عدالت اگلے امتحان میں شرکت سے متعلق آرڈر کردے۔ جسٹس اعجاز شوکت نے ریمارکس دیئے کہ چلیں اس حوالے سے میں آرڈر پاس کردوں گا۔

بقیہ نمبر 33

مارکیٹ میں قدم رکھا ہے۔ تاہم، اس اہم اور نمایاں پروڈکٹ کی رونمائی نے سائبر فراڈ کرنے والوں کو بھی ایک سنہری موقع فراہم کر دیا ہے، جو اس مہنگے اور جدید فون کو جلد از جلد حاصل کرنے کے خواہش مند صارفین کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپرسکی کے ماہرین نے دنیا کے مختلف حصوں میں صارفین کو نشانہ بنانے والی دھوکہ دہی کی متعدد کوششوں کا انکشاف کیا ہے۔ کیسپرسکی کے مطابق، انگریزی زبان میں تیار کی گئی ایک جعلی ویب سائٹ پر صارفین کو آئی فون فولڈ کی خریداری پر 25 فیصد رعایت دینے کا دعویٰ کیا گیا۔ اس ویب سائٹ کا ڈیزائن ایپل کی آفیشل ویب سائٹ سے کافی حد تک مشابہت رکھتا تھا جبکہ اس پر ایک کاؤنٹ ڈاؤن ٹائمر بھی موجود تھا، جس کے ذریعے صارفین کو بتایا جا رہا تھا کہ خصوصی پیشکش ختم ہونے میں صرف 30 منٹ باقی ہیں۔ اس حربے کا مقصد صارفین میں مصنوعی عجلت پیدا کرنا اور انہیں سوچے سمجھے بغیر خریداری کا فیصلہ کرنے پر مجبور کرنا تھا۔ خریداری کے آخری مرحلے پر صارفین سے ان کے رابطے کی معلومات اور سامان کی ترسیل کا پتہ طلب کیا جاتا تھا۔

بقیہ نمبر 34

دفاعی نیٹ ورک کے تحت کام کرنے والے جدید فضائی دفاعی نظام کی مدد سے نشانہ بنایا۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی ارنا کے مطابق پاسداران انقلاب کی ویب سائٹ پر جمعرات کو جاری بیان میں کہا گیا کہ تباہ کیا جانے والا یہ جدید نوعیت کا 14 واں ایم کیو ون ڈرون ہے۔ تاہم، یہ دعویٰ ایرانی حکام کی جانب سے کیا گیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے اسنا کے مطابق ڈرون کو جنوبی ایران کے صوبے ہرمزگان میں ساحلی علاقے سیریک کے سامنے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں نشانہ بنایا گیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کی بحالی اور کشیدگی کم کرنے کی سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ خبر کے مطابق امریکی نائب صدر نے دوبارہ مذاکرات کے لیے ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ محسن رضائی کو خط بھیجا ہے۔ اشنگٹن ایران کے جوہری پروگرام پر بات چیت چاہتا ہے، جبکہ تہران امریکی بحری ناکہ بندی ختم کرنے اور تیل سے متعلق پابندیوں میں نرمی کا مطالبہ کر رہا ہے۔ موجودہ صورتحال میں آبنائے ہرمز کے قریب ڈرون گرانے کا ایرانی دعویٰ امریکا اور ایران کے تعلقات میں ایک نیا دباؤ پیدا کرسکتا ہے، جبکہ آئندہ سفارتی رابطے خطے میں کشیدگی کے رخ کا تعین کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں

بقیہ نمبر 35

گیا ہے، واقعے کی اطلاع ملتے ہی انتظامیہ، ہیلتھ ایمرجنسی، ریسکیو 1122 اور ٹاؤن حکام موقع پر پہنچ گئے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے تھرپارکر میں ایمبولینس حادثے میں جاں بحق 9 افراد کے لواحقین کے لیے فی کس 20 لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ حادثے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعلیٰ نے چیف سیکریٹری کو محکمہ صحت سے واقعہ کی شفاف انکوائری کرانے اور رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے جاں بحق افراد کی آخری رسومات کے انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے رکن سندھ اسمبلی قاسم سومرو کو نگر پارکر پہنچ کر امدادی اور انتظامی اقدامات کی نگرانی کرنے کا حکم دیا۔ سید مراد علی شاہ نے افسوسناک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی۔ دوسری جانب پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تھرپارکر میں پی پی ایچ آئی کے زیر انتظام ایمبولینس میں آکسیجن سلنڈر پھٹنے کے واقعے کا نوٹس لے لیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تھرپارکر کے علاقے ڈانو دھاندھل میں آکسیجن سلنڈر دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع باعث صدمہ ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ جاں بحق افراد کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعاگو ہیں۔ انہوں نے واقعہ کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرنے اور حقائق سامنے لانے کی ہدایت بھی کی۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ اگر یہ المناک واقعہ انسانی غفلت یا کسی مجرمانہ فعل کا نتیجہ ہے تو ذمہ داران کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ انہوں نے تھرپارکر میں آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے موجودہ نظام کا جائزہ لینے اور مؤثر اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 36

کھیپ کی ترجیحی بنیادوں پر پراسسنگ یقینی بنائی جائے گی۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق معاہدے کے تحت خطرات کی بنیاد پر کسٹمز کنٹرولز نافذ کیے جائیں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاک چین کسٹمز انتظامیہ کے درمیان معلومات کے تبادلے کو فروغ دیا جائے گا۔ جلد خراب ہونے والی زرعی مصنوعات کی کھیپوں کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ پاکستان کسٹمز کا کہنا تھا کہ گرین چینل سے تجارت کے انتظام میں بہتری اور تجارتی سہولت کاری کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 37

ڈی پی کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب میں وفاقی وزیر نے اپنا ذاتی واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ چند روز قبل ان کے والد کو ایک شدید پریشان کن کال آئی جس میں کال کرنے والے نے ان کے کزن احمد کی آواز بنا کر بات کروائی۔ کال پر دعویٰ کیا گیا کہ احمد کو حراست میں لیا گیا ہے اور ایف آئی آر سے بچنے کے لیے فوری طور پر رقم ٹرانسفر کی جائے۔ ا

بقیہ نمبر 38

پروگرام کے فوکل پرسن زبیر ناصر وائس چانسلر پنجاب سکلز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر سعود الطاف اور دیگر متعلقہ شخصیات بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سی ایک سنگین عوامی صحت کا مسئلہ بنتا جا رہا ہے جس سے نمٹنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات اور اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 39

حکام نے اعلان کیا کہ دونوں علاقوں میں خطرہ ٹل گیا ہے۔ میزائل کو تباہ کرنے کے دعوے اور ہنگامی الرٹس کے بعد سعودی عرب میں سیکیورٹی صورت حال پر توجہ مرکوز ہوگئی ہے۔ طائف، جدہ اور ینبع سعودی عرب کے اہم شہر ہیں جبکہ خطے میں جاری کشیدگی کے باعث میزائل حملوں اور فضائی خطرات پر مسلسل نظر رکھی جارہی ہے۔ رپورٹ میں میزائل کی تباہی کے مقام، ممکنہ نقصان یا جانی و مالی نقصانات سے متعلق مزید تفصیلات نہیں دی گئیں۔

بقیہ نمبر 40

۔ اجلاس میں شہر کی اہم شاہراہوں کی تعمیر و بحالی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ ان میں خیابان سرسید روڈ، بوکرہ روڈ، ففتھ روڈ، راول روڈ، چاندنی چوک تا کمرشل مارکیٹ روڈ، ریلوے ورکشاپ روڈ، جاپان مارکیٹ تا گورڈن کالج روڈ، فوربی روڈ اور بندھوڑہ روڈ سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تحصیل ٹیکسلا، کلر سیداں، گوجر خان اور کہوٹہ میں مختلف رابطہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت بھی زیر بحث آئی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز مقررہ ٹائم لائن کے مطابق کام کی تکمیل یقینی بنائیں اور منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور فنڈز کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ جہاں ٹینڈرنگ یا دیگر انتظامی مراحل زیر تکمیل ہیں، انہیں بلاوجہ التوا میں نہ رکھا جائے بلکہ تمام ضروری کارروائی بروقت مکمل کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ذریعے کام میں حائل رکاوٹیں فوری دور کریں اور پیش رفت سے متعلق باقاعدہ رپورٹ پیش کریں تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری بنیادی ڈھانچے کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 41

لیے فنڈز کی منظوری دے دی۔ منصوبے کے تحت ایل ڈی اے سٹی میں نئے پولز نصب کر کے 200 واٹ کی ایل ای ڈی لائٹس لگائی جائیں گی۔ منصوبے کی منظوری کے بعد وائس چیئرمین ایل ڈی اے کی سربراہی میں ہونے والے گورننگ باڈی کے اجلاس میں پی سی ون پیش کیا گیا تھا۔ ایل ڈی اے اس سے قبل بھی مختلف مقامات پر سولر لائٹس نصب کر کے ان کی کارکردگی کا جائزہ لے چکا ہے۔ ادارے نے مستقبل میں مہنگی بجلی کے اخراجات سے بچنے کے لیے سولر لائٹس اور دیگر سولر تنصیبات پر انحصار بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ منصوبے کا مقصد بجلی کے اخراجات میں کمی لانا اور رہائشی علاقوں میں اسٹریٹ لائٹنگ کے نظام کو متبادل توانائی پر منتقل کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 42

پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔ دوسری جانب اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) نے نمائش کے قریب جناح گراؤنڈ میں کارروائی کے دوران مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ چھیپا حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت محمد سجاد اور محمد ایاز کے نام سے ہوئی، جنہیں طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 43

بھی اس ہوس شہرت سے محفوظ نہیں رہے، نوبت یہاں تک آپہنچی ہے کہ اسکولوں کی صبح کی اسمبلیاں اب تعلیم و تربیت کے بجائے میڈم کی سالگرہ کے کیک کاٹنے اور سیاسی گیت گانے کے لیے استعمال ہورہی ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پنجاب کا محکمہ تعلیم اب علمی درس گاہ نہیں رہا بلکہ حکمرانوں کے دربار میں جی حضوری سکھانے والا ادارہ بن چکا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کی جانے والی پوسٹ میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ جو اسکول کبھی بچوں کی کردار سازی، اخلاقیات اور ذہنی آبیاری کے گہوارے ہوا کرتے تھے، انہیں اب سیاسی تشہیر اور شخصیت پرستی کا سستا اڈہ بنا دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 44

دینے کے باوجود بھی پولیس تین گھنٹے بعد بھی موقع پر نہ پہنچی متاثرہ فیملی کا کہنا تھا کہ آخر متعلقہ پولیس کب اپنی ذمہ داری کا احساس کرے گی پولیس کی غفلت کے سبب شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں ڈی پی او شیخوپورہ چوری ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا نوٹس لیتے ہوئے امن و امان کی فضا قائم کریں۔

بقیہ نمبر 45

کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس کورس میں افسران کو قوانین پر عملدرآمد، جرائم کورس میں تفتیش کرنے کے طریقہ کار بتایا گیا۔ افسران کو قانون کی پاسداری، انسداد جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں، وی وی آئی پی موومنٹ کے دوران فرائض کی ادائیگی سمیت دیگر امور پر تربیت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ افراد کے ساتھ پولیس افسران کا رویہ انتہائی ہمدردانہ اور منصفانہ ہونا چاہئے۔ متاثرین کے وقار کو برقرار رکھتے ہوئے تفتیش مکمل کریں تاکہ مجرمان کیفر کردار تک پہنچ سکیں۔ پولیس کالج سہالہ میں مختلف محکموں کے افسران کی پیشہ ورانہ تربیت کی جاتی ہے جو ادارے کا اعزاز ہے۔ پاسنگ آؤٹ ہونے والے افسران محکمہ کی پہچان ہوتے ہیں۔ کورس کے اختتام پر کامیاب افسران میں تعریفی اسناد اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 46

اور اندرونی و بیرونی سود ہر سال ملک کی ٹیکس اور غیر ٹیکس آمدن کا بڑا حصہ کھا جاتا ہے۔ سال 203031 میں سود 100 کھرب روپے ہونے کا امکان ہے، قرض ادائیگیوں کے بعد وفاق کے پاس صرف 30 کھرب بچے ہیں صوبوں سے خسارہ کم کرنے کی کوشش، پاکستان کے اندرونی اور بیرونی قرضوں پر سودی کی ادائیگیوں کا حجم درمیانی مدت میں بھی بلند رہنے کا امکان ہے جس کے باعث قومی وسائل کا ایک بڑا حصہ قرضوں کے سود کی ادائیگی پر خرچ ہوتا رہے گا قرضوں پر سودی کی ادائیگیاں بیک وقت دفاعی اور ترقیاتی اخراجات سے بھی بڑھ چکی ہیں جب کہ سودی ادائیگیوں میں اضافے کی ایک وجہ قرضوں کے مجموعی حجم میں اضافہ ہے۔

بقیہ نمبر 47

سالانہ بنیاد پر سیاحوں کی آمد میں بتدریج کمی دیکھی گئی، میں 6 لاکھ 41 ہزار اور 2025 میں 5 لاکھ 75 افغان شہری آئے۔ برطانیہ کے سیاحوں کا دوسرا نمبر، 10 لاکھ 17 ہزار افراد کی پاکستان آمد ریکارڈ کی گئی، 2024ء میں برطانیہ سے 5 لاکھ 3 ہزار اور 2025ء میں 5 لاکھ 14 ہزار سیاح آئے تیسرے نمبر پر امریکہ سے 5 لاکھ 9 ہزار 947 سیاح پاکستان آئے، 2024ء میں 2 لاکھ 61 ہزار اور 2025ء میں 2 لاکھ 48 ہزار امریکی سیاحوں کی آمد ہوئی۔ زیر جائزہ عرصے کے دوران ایران سے 2 لاکھ 59 ہزار 720 اور کینیڈا سے 2 لاکھ 34 ہزار 129 سیاح آئے، 2 سال کے دوران چین سے ایک لاکھ 59 ہزار 688 سیاح پاکستان آئے، آسٹریلیا کے ایک لاکھ 17 ہزار 732 باشندے گھومنے پھرنے پاکستان آئے۔

بقیہ نمبر 48

نافذ کرنے والے اداروں کو دھوکا دینے سے متعلق دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ سی ٹی او لاہور نے واضح کیا کہ نجی اور غیر مجاز گاڑیوں پر غیر قانونی گرین نمبر پلیٹس اور پولیس فلیشر لائٹس لگانے کی اجازت نہیں۔ نمبر پلیٹ میں ردوبدل یا شناخت چھپانے، خطرناک ڈرائیونگ، تیز رفتاری، زگ زیگ ڈرائیونگ اور ڈرفٹنگ سمیت انسانی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والی سنگین خلاف ورزیوں پر چالان کے بجائے مقدمات درج کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 49

فوجی بغاوت کے بعد وہ اپنے خاندان کے ساتھ گھر میں نظر بند رہیں اور بعد ازاں سعودی عرب میں جلاوطنی کا وقت بھی گزارا۔ پاناما پیپرز اور دیگر عدالتی مقدمات کے دوران انہیں سیاسی اور قانونی محاذ پر کڑی آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑا، جن میں والد م نواز شریف کے ساتھ جیل کی قید بھی شامل ہے۔ پارٹی عہدے اور قیادت: وہ مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر رہیں، جہاں انہوں نے پارٹی تنظیم کو گراس روٹ سطح پر متحرک کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا منصب: فروری 2024ء کے عام انتخابات کے بعد وہ تاریخ میں پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ منتخب ہوئیں۔

بقیہ نمبر 50

تعلیمی، اخلاقی اور سماجی نظام کا اہم حصہ ہیں۔ ان اداروں نے نسلوں کی دینی تربیت، اسلامی تعلیمات کی ترویج، اخلاقی اقدار کے تحفظ اور معاشرے میں خدمت خلق کے جذبے کو فروغ دینے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ مدارس کی خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور طلبہ کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے سنجیدہ اقدامات ناگزیر ہیں

بقیہ نمبر 51

کے خلاف اقدامات پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی نے متعلقہ محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ قانون کے مطابق کارروائیاں جاری رکھی جائیں، اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنائی جائے اور ضلع بھر میں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے تمام میونسپل اور ٹاؤن افسران کو کتا مار اور مچھر مار اسپرے مہم تیز کرنے کی بھی ہدایت کی، جبکہ فوڈ کنٹرول اتھارٹی کے افسران کو غیر معیاری اشیائے خورونوش تیار اور فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا حکم دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو نان کسٹم پیڈ اشیاء اور گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ نمبر 52

ادائیگی فوری طور پر بحال کرے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بنچ کے فاضل جج احسن رضا کاظمی نے متاثرہ خاتون فلک شاہ کی جانب سے دائر کی گئی آئینی پٹیشن پر سماعت مکمل ہونے کے بعد یہ فیصلہ سنایا، عدالت نے اپنے حکم نامے میں قرار دیا کہ والدین کی وفات کے بعد ان کی بے سہارا، غیر شادی شدہ، مطلقہ یا بیوہ بیٹیوں کو فیملی پنشن سے محروم کرنا آئین پاکستان میں دیئے گئے بنیادی حقوق اور سماجی تحفظ کے صریحاً متصادم ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ کیس کی سماعت کے دوران پنجاب کی وزارت خزانہ اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے نمائندوں کی جانب سے حکومت کے اس اقدام کے دفاع میں مختلف مالی و انتظامی دلائل پیش کیے گئے، تاہم عدالت عالیہ نے ان تمام دلائل اور موقف کو یکسر مسترد کر دیا، عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ریاست کا کام بے سہارا اور مستحق شہریوں کی سرپرستی کرنا ہے نہ کہ ان سے پہلے سے موجود بنیادی سہولیات اور قانونی مالی حقوق چھین لینا، مالی بحران یا بجٹ خسارے کا بہانہ بنا کر کسی بھی صورت معاشرے کے مستحق طبقے سے ان کا حق زیست نہیں چھینا جا سکتا۔ واضح رہے کہ محکمہ خزانہ پنجاب کے ایک فیصلے کے تحت فیملی پنشن کی سہولت کو صرف مرحوم سرکاری ملازم کی بیوہ تک ہی محدود کر دیا گیا تھا، پنجاب کے 42 سے زائد مختلف سرکاری اداروں کے فوت شدہ ملازمین کی مستحق بیٹیوں اور مطلقہ خواتین کو دی جانے والی فیملی پنشن یکسر بند کر دی گئی تھی، اس اقدام کی وجہ سے ہزاروں معذور، بے سہارا اور غریب خواتین شدید مالی مشکلات اور فاقہ کشی کا شکار ہو گئی تھیں۔

بقیہ نمبر 53

ہو رہی ہے جبکہ ہوا کی رفتار انتہائی کم، یعنی صرف 5 کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی ہے ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر پنجاب حکومت اکتوبر کے دوران ابر آلود دنوں میں آسانی سے پورے شہر میں اتنی تیز بارش کرواسکتی تھی جس سے ایک بار پورے شہر کی فضائیں سے آلودگی کو ختم کیا جاسکتا تھا

بقیہ نمبر 54

کھوکھر نے مریم نواز شریف کو سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 55

کہ ان کی رہنمائی میں ترکیہ نے تعمیر و ترقی اور عالمی استحکام میں مثالی کامیابیاں حاصل کیں۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان ریلوے کے شعبے میں تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، اسلام آباد تہران استنبول فریٹ ٹرین کی بحالی اور ایک مستقل تجارتی کوریڈور کا قیام علاقائی تجارت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاک ترک لازوال دوستی کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔

بقیہ نمبر 56

پیش ہوئے اور اپنی حاضری لگوائی عدالت نے پیش ہونے والے پی ٹی آئی کارکنوں کی ضمانت میں 11 فروری تک توسیع کر دی، جبکہ عدم حاضری پر جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے پی ٹی آئی راہنماؤں کی ضمانت کی درخواستیں خارج کردیں۔

بقیہ نمبر 57

تصاویر بنائیں، جنہیں وہاں موجود اساتذہ، مہمانوں اور ناظرین کی جانب سے بے حد سراہا گیا، تقریب کے اختتام پر بہترین اور شاندار پینٹنگز تخلیق کرنے والی طالبات میں حوصلہ افزائی کے لیے نقد کیش انعامات تقسیم کیے گئے، مقابلے میں حصہ لینے والی دیگر تمام طالبات میں تعریفی اسناد (سرٹیفکیٹس) بانٹے گئے۔ بتایا گیا ہے کہ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہی ہدایت پر لاہور کے تاریخی ایم اے او کالج میں سندس فاؤنڈیشن کے تعاون سے ایک بہت بڑا فلاحی بلڈ ڈونیشن کیمپ بھی لگایا گیا

بقیہ نمبر 58

کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں تو اپنے ارکان کو کمیٹی میں بٹھائیں، ہم الیکٹرول ریفارمز پر کمیٹی بناتے ہیں لیکن اپوزیشن شریک نہ ہو تو کیا فائدہ۔

بقیہ نمبر 59

تھی، غریب اور محنت کش شہری ذوالفقار اپنی روزمرہ کی سواری کو پولیس کی تحویل سے چھڑانے کے لیے تھانے کے چکر کاٹنے پر مجبور ہوا۔ بتایا گیا ہے کہ جب وہ اپنی موٹر سائیکل کی واپسی کے سلسلے میں تھانے پہنچا تو تھانے کے گیٹ کے قریب ہی اس کی طبیعت اچانک غیر معمولی طور پر بگڑ گئی اور وہ زمین پر گر پڑا، جس پر اسے فوری طور پر تشویشناک حالت میں قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہاں پہنچنے پر ڈاکٹرز نے تصدیق کی کہ وہ جانبر نہ ہوسکا اور ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی یا دوران علاج دم توڑ چکا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس افسوسناک واقعے کے بعد علاقے میں سوگوار فضا چھائی ہوئی ہے اور متوفی کے لواحقین سمیت شہریوں کی بڑی تعداد کا اس ضمن میں کہنا ہے کہ معمولی انتظامی امور اور ٹریفک کے بہانے غریب عوام کو ذہنی اذیت دینا اب معمول بن چکا ہے جس کی وجہ سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔



لاہور: انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کی ایک اینٹی سموگ گن گاڑی سموگ کو کم کرنے میں مدد کے لیے نادرا آفس کے قریب گشت کر رہی ہے

18 سکیموں کی منظوری، ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں، DC راولپنڈی

شاہراہوں کی تعمیر و بحالی اور نکاسی آب نظام بہتر بنانے کے منصوبوں کا جائزہ، منصوبوں کیلئے 7 ارب 50 کروڑ فنڈز دستیاب

ترقیاتی کاموں کی نگرانی، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، تمام ضروری کارروائی بروقت مکمل کی جائے، کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو راولپنڈی ضلع میں ترقیاتی منصوبوں، مختص فنڈز، ٹینڈرز اور جاری تعمیراتی کاموں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے مطابق ضلع راولپنڈی میں مجموعی طور پر 21 ترقیاتی اسکیموں کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کا تخمینہ لاگت 6 ارب 52 کروڑ روپے سے زائد ہے، جبکہ ان میں سے 18 اسکیموں کی منظوری دی جا چکی ہے۔ ان منصوبوں کے لیے 7 ارب 50 کروڑ روپے کے فنڈز دستیاب ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ایل ڈی اے سٹی کی اسٹریٹ لائٹس

100 فیصد سولر پر منتقل، فنڈز کی منظوری

لاہور (یو این پی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے اپنی سرکاری رہائشی اسکیم ایل ڈی اے سٹی کی اسٹریٹ لائٹس کو 100 فیصد سولر توانائی پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ایل ڈی اے کی گورننگ باڈی نے جناح سیکٹر میں ایل ای ڈی سولر لائٹس کی تنصیب کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

فیروز وٹواں رانا ٹاؤن سمیت گردونواح

چوروں ڈاکوؤں کے نرغے میں

شیخوپورہ (یو این پی) فیروز وٹواں رانا ٹاؤن سمیت گردونواح چوروں ڈاکوؤں کے نرغے میں شہری لاکھوں روپے نقدی اور قیمتی اشیاء سے محروم بتایا گیا ہے کہ گذشتہ رات چور فاروق نامی شہری کے گھر سے پانچ لاکھ روپے سے زائد نقدی دو ایل ای ڈیز دو قیمتی موبائل فونز، طلائی زیورات اور قیمتی سامان لے اڑے اطلاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

کراچی میں پولیس کے مختلف مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 5 مبینہ ڈاکو گرفتار

پاپوش نگر، میں کارروائیاں، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (یو این پی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران چار زخمیوں سمیت پانچ مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں، جبکہ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاپوش نگر پولیس کا بنگش کالونی میں مبینہ مقابلہ ہوا، جس کے دوران ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی ملزم کی شناخت ذیشان عرف کالا شانی کے نام سے ہوئی، جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

تعلیمی اداروں میں مریم نواز کی سالگرہ کی تقریبات پر پی ٹی آئی کی شدید تنقید

نوبت یہاں تک آ پہنچی کہ صبح کی اسمبلیاں میڈم کی سالگرہ کا کیک اور قصیدے بھگت رہی ہیں؛ ایکس پوسٹ

لاہور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف نے تعلیمی اداروں میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی سالگرہ کی تقریبات اور اسکولوں میں بچوں سے سالگرہ کے گیت گوانے کے معاملے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے قوم کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ اور اخلاقی گراوٹ کی بدترین مثال قرار دے دیا۔ تحریک انصاف کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی مرہونِ منت حکومت چلانے والی وزیر اعلیٰ کو تاریخ کے صفحات میں زبردستی اپنا نام درج کروانے کی اس قدر شدید بے تابی ہے کہ اب معصوم بچوں کے اسکول اور تعلیمی ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



سرگودھا: ایک کسان جھنگ روڈ کے ساتھ تھریشر مشین کا استعمال کرتے ہوئے چاول کاٹ رہا ہے

راولپنڈی پولیس کالج سہالہ، تربیتی کورس کا اختتام، افسران میں اسناد تقسیم

متاثرین کے وقار کو برقرار رکھتے ہوئے تفتیش مکمل کریں تاکہ مجرمان کیفر کردار تک پہنچ سکیں، کمانڈنٹ سہالہ اشفاق خان

پی ایچ پی ٹی اے ایس آئی کے 137 پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب، پاسنگ آؤٹ پریڈ، مبارکباد پیش، نیک خواہشات

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس کالج سہالہ راولپنڈی میں پی ایچ پی ٹی اے ایس آئی پولیس افسران کا نو ماہ پر مشتمل کورس مکمل ہو گیا۔ اس حوالے سے پولیس کالج سہالہ میں کورس کے اختتام پر پاسنگ آؤٹ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ کورس کمانڈر ایس پی ناصر علی خان نے تربیت یافتہ افسران سے حلف لیا۔ کورس مکمل کرنے والوں میں 137 افسران شامل ہیں۔ مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی گئی۔ تقریب میں کورس مکمل کرنے والے افسران نے مختلف مہارتوں کا مظاہرہ کیا۔ کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان نے پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورس کی تکمیل پر افسران، کورس کمانڈر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



مصطفی آباد: پرنسپل جامعہ گلزار حبیب مصطفی آباد حضرت مولانا میاں وقاص صدیق نقشبندی تین روزہ سپورٹس گالا کا افتتاح کر رہے ہیں



کالجز کی طالبات کے درمیان مریم کی تصاویر بنانے کا پینٹنگ مقابلہ

وزیر تعلیم کی ہدایت پر وزیر اعلیٰ پنجاب کی سالگرہ کی خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا

لاہور (یو این پی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی خصوصی ہدایت پر تعلیمی اداروں میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کے حوالے سے خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا، اس سلسلے میں دارالحکومت لاہور کے تعلیمی حلقوں میں مختلف نوعیت کے فلاحی، تعلیمی اور تخلیقی مقابلے منعقد کیے گئے، ان تقاریب کے سلسلے کی ایک اہم کڑی لاہور کے 20 گرلز کالجز کے درمیان منعقد ہونے والا لائیو پینٹنگ کا مقابلہ تھا۔ اس مسابقتی تقریب میں کالجز کی طالبات نے بھرپور انداز میں حصہ لیا اور کینوس پر رنگوں کے ذریعے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خوبصورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

بشریٰ بی بی کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج

جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے پی ٹی آئی راہنماؤں و کارکنوں کی 250 درخواستوں پر سماعت کی

اسلام آباد (یو این پی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے احتجاج سے متعلق مقدمات میں بشریٰ بی بی اور پاکستان تحریک انصاف کے راہنماؤں کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں خارج کر دیں۔ جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے پی ٹی آئی راہنماؤں اور کارکنوں کی مجموعی طور پر 250 درخواستوں پر سماعت کی عدالت نے بشریٰ بی بی، جنید اکبر، لطیف کھوسہ، نعیم پنجوتھا، اسد قیصر، علی زمان، ایمان وسیم، عاطف خان اور فضل محمد کی ضمانت کی درخواستیں خارج کر دیں۔ سماعت کے دوران رؤف حسن اور شہریار آفریدی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)



ڈیرہ غازی خان: ایم پی اے محمد حنیف پتافی اور دیگر خواتین میں مویشی مفت تقسیم کر رہے ہیں

وزیر ریلوے کی ترکیہ کے 103 ویں یومِ جمہوریہ پر عوام کو دلی مبارکباد

پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات اخوت، محبت اور باہمی احترام کے لازوال رشتے پر قائم ہیں، حنیف عباسی

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے یومِ جمہوریہ کے پرمسرت موقع پر ترکیہ کی حکومت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ترک قوم کی عظیم جدوجہد، پختہ عزم اور تاریخی قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات اخوت، محبت اور باہمی احترام کے لازوال رشتے پر قائم ہیں، دونوں برادر ممالک کے عوام نے ہر مشکل گھڑی اور آزمائش میں ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا۔ انہوں نے صدر رجب طیب اردوان کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

سید علی سرور گیلانی کی جانب سے وزیر اعلیٰ مریم نواز کی سالگرہ کی تقریب

لیگی رہنماؤں، کارکنان کی شرکت، درازی عمر کے لئے دعائیں کی گئیں

لاہور (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سید علی سرور گیلانی کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کے سلسلے میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر، رکن صوبائی اسمبلی ملک شہباز علی کھوکھر سمیت دیگر لیگی رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا جبکہ شرکاء نے مریم نواز شریف کے لئے نیک خواہشات ک ااظہار کرتے ہوئے ان کی درازی عمر کے لئے خصوصی دعائیں کیں۔ اس موقع پر ملک سیف الملوک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)



راولپنڈی: بنی چوک پر آئیسکو کے کارکن فالٹ کو ٹھیک کرنے اور بجلی بحال کرنے کے لیے بجلی کے کھمبے پر چڑھ رہے ہیں

لاہور کی ہوائیں شہریوں کے لیے زہریلی، شہری بیماریوں سے پریشان

طبی ماہرین کا شہریوں کو غیر ضروری طور پر گھر سے باہر نکلنے سے گریز کرنے کا مشورہ

لاہور (یو این پی) صوبائی دارالحکومت لاہور کی ہوائیں شہریوں کے لیے زہریلی ہوتی جا رہی ہیں جبکہ کی جانب سے اکتوبر میں مصنوعی بارش کروانے کے کئی مواقع ضائع کر دیئے گئے ہیں، لاہور کا فضائی معیار شدید متاثر ہے، طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ شہری غیر ضروری طور پر گھر سے باہر نکلنے سے گریز کریں. تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور میں اسموگ کا راج ایک بار پھر قائم ہو گیا اور شہر رواں ماہ کے دوران دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں بیشتر دن سرفہرست رہا ہے. فضا انتہائی مضر صحت ہونے کے باعث حد نگاہ بری طرح متاثر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

طلاق یافتہ، بیوہ بیٹیوں کی فیملی پنشن ختم کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار


والدین کے وفات کے بعد بیٹیوں کو پنشن کے حق سے محروم کرنے کا فیصلہ آئین سے متصادم ہے

تمام متاثرہ خواتین کو پنشن ادا کی جائے؛ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کا حکم

راولپنڈی (یو این پی) لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بنچ نے ایک تاریخی اور اہم ترین فیصلہ سناتے ہوئے پنجاب حکومت کی جانب سے طلاق یافتہ، بیوہ اور غیر شادی شدہ بیٹیوں کی فیملی پنشن ختم کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا، عدالت نے اپنے تفصیلی فیصلے میں حکم دیا ہے کہ پنجاب حکومت تمام متاثرہ خواتین کو ان کا شرعی اور آئینی حق دیتے ہوئے فیملی پنشن کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)



حیدر آباد: ایک دکاندار فورٹ روڈ کے درمیان فروخت کے لیے چھوٹے گیس سلنڈر فروخت کے لئے رکھ رہا ہے



اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں ترقیاتی کاموں کے دوران کشمیر چوک انڈر پاس پروجیکٹ کی تعمیراتی جگہ پر بھاری مشینری تعینات ہے

پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے، وزیر داخلہ آئیں ہاؤس کو بریف کریں، بلاول بھٹو

اپوزیشن کو فعال کردار کی ذمے داری اٹھانا پڑے گی، آپ نے فنانس کمیٹی میں نہیں بیٹھنا، اس سے پارلیمان کے کردار میں کمزوری ہوئی

اپوزیشن سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (یو این پی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے، وزیر داخلہ آئیں اور اس ہاؤس کو بریف کریں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اپوزیشن سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ کے پاس جو طاقت ہے آپ اسے استعمال کرنا شروع کریں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اپوزیشن کو فعال کردار کی ذمے داری اٹھانا پڑے گی، آپ نے فنانس کمیٹی میں نہیں بیٹھنا، اس سے پارلیمان کے کردار میں کمزوری ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان طاقت ور ہے تو ہم سب طاقت ور ہیں، حکومت کی ذمے داریاں ہیں، اسے ذمے داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر پارلیمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

کراچی، رکشے کی ٹکر پر کار سوار خاتون مشتعل

سڑک پر ہنگامہ آرائی سے ٹریفک معطل

کراچی (یو این پی) کراچی کے علاقے گلستان جوہر موڑ پر رکشے کی کار کو ٹکر لگنے کے بعد کار سوار خاتون مشتعل ہو گئی اور مبینہ طور پر سڑک پر ہنگامہ آرائی کرتے ہوئے ٹریفک معطل کر دی۔ واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی، جس میں خاتون کو شدید غصے میں دیکھا جا سکتا ہے۔

انسانی صحت اور عوامی تحفظ کے لیے سخت

اقدامات کرنا ہونگے، عبدالرحیم شیرازی

لاہور (یو این پی) سموگ کے تدارک کے لیے لاہور ٹریفک پولیس نے کارروائیوں میں تیزی لاتے ہوئے رات گئے خصوصی ناکے قائم کر دیئے، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں، بغیر ترپال مٹی اور ریت لے جانے والی ٹرالیوں، ڈمپروں اور خستہ حال گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری ہیں۔

موٹر سائیکل تھانے میں بند، دلبرداشتہ شہری جان کی بازی ہار گیا

شہری اپنی موٹر سائیکل چھڑوانے تھانے پہنچا تو گیٹ کے قریب حالت خراب ہوئی، ہسپتال منتقل کیا

وہاڑی (یو این پی) صوبہ پنجاب کے ضلع وہاڑی میں پولیس کی مبینہ سختی کا ایک اور دلخراش واقعہ سامنے آیا ہے جہاں موٹر سائیکل تھانے میں بند ہونے اور اسے چھڑوانے کے لیے در در کی ٹھوکریں کھانے پر ایک دلبرداشتہ شہری صدمے اور دل کا دورہ پڑنے سے جان کی بازی ہار گیا۔ وہاڑی کے رہائشی ذوالفقار نامی شہری کی موٹر سائیکل ٹریفک قوانین یا کاغذی کارروائی نامکمل ہونے اور ہیلمٹ نہ پہننے کے پاداش میں مقامی پولیس نے بند کر کے تھانے میں جمع کرا دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

بیرون ملک میں مقیم والد کو فی بچہ 30 ہزار روپے ماہانہ نان و نفقہ ادا کرنے کا حکم

بچوں کی کفالت کی ذمہ داری والدین کی علیحدگی یا شادی ختم ہونے سے ختم نہیں ہوتی، فیصلہ

لاہور (یو این پی) لاہور ہائیکورٹ نے بیرون ملک مقیم والد کو فی بچہ 30 ہزار روپے ماہانہ نان و نفقہ ادا کرنے کا حکم دیتے ہوئے قرار دیا ہے کہ والدین کی علیحدگی یا شادی ختم ہونے سے بچوں کی کفالت کی ذمہ داری ختم نہیں ہوتی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے خاتون صائقہ کی درخواست پر فیصلہ جاری کیا، عدالت نے بچوں کا ماہانہ نان و نفقہ 20 ہزار روپے سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ مقرر کرنے کا حکم دیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ والد کی محدود آمدن بچوں کی کفالت کی ذمہ داری سے بری ہونے کا جواز نہیں بن سکتی، بچوں کے نان و نفقہ کا تعین والد کی مالی حیثیت اور بچوں کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جانا چاہیے۔ عدالت نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)



لاڑکانہ: گل محمد کھوسو گاؤں کے قریب ایک چھوٹی نہر میں بچے مچھلیاں پکڑنے کے لیے کپڑے کی چادر استعمال کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کے 74 قوانین کا جائزہ لینے کا فیصلہ

پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ تبدیلیوں کے اثرات 9 مئی 2023 کے مقدمات کے تناظر میں بھی زیر بحث ہے

محکمہ قانون نے قوانین کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی، 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی

پشاور (یو این پی) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کی قانون سازی کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے منظور کردہ 74 قوانین کا جائزہ لیا جائے گا جس کیلئے محکمہ قانون نے قوانین کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی، جائزے میں 20 صوبائی محکموں سے متعلق قوانین شامل ہیں جب کہ پراسیکیوشن، جامعات اور میڈیکل ٹیچنگ اداروں سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے اختیارات اور مراعات سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ خیبر پختونخوا پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ 2025 بھی نظرثانی کے لیے زیرغور ہے، پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ ترامیم یا اسے واپس لینے کے امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ تبدیلیوں کے اثرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)



شانگلہ: ریاست دور کا تاریخی پل 2 دہائیوں کے بعد تعمیر کے قریب پل کی خستہ حالی کے مناظر دوسرے سائڈ تجاوزات برقرار ہیں

28 ویں ترمیم کا مسودہ تیار، چھوٹے صوبوں کا قیام سرفہرست ہے، عمران اسماعیل

انتظامی یونٹس کس شکل میں ہوں گے، کیسے چلیں گے، پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس پر کیسے مانے گی، یہ ایک دلچسپ مرحلہ ہوگا

کیا 27 ویں ترمیم پر آپ سے مشاورت ہوئی تھی؟ سیدھا پیپر آیا، سائن کرو اور گھر جاو والا معاملہ ہوا تھا، یہی لوگ تھے، سابق گورنر سندھ

کراچی (یو این پی) سابق گورنر سندھ اور سینیئر سیاستدان عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم کا وقت قریب ہے، ترمیم کا مسودہ تیار کر لیا گیا ہے، جس میں چھوٹے صوبوں کے قیام کا معاملہ سر فہرست ہے۔ ایک انٹرویو میں عمران اسماعیل نے کہا کہ انتظامی یونٹس کس شکل میں ہوں گے، کیسے چلیں گے، پیپلز پارٹی انتظامی یونٹس پر کیسے مانے گی، یہ ایک دلچسپ مرحلہ ہوگا۔ انھوں نے کہا ترمیم میں پی ایف سی ایوارڈ کا معاملہ بھی شامل ہے، پیسوں پر جو شخصی اجارہ داری ہے اس کو ختم کرنا ہے۔ انھوں نے کہا بلاول بھٹو سے میرا سوال ہے کہ کیا 27 ویں ترمیم پر آپ سے مشاورت ہوئی تھی؟ سیدھا پیپر آیا، سائن کرو اور گھر جاو والا معاملہ ہوا تھا، یہی لوگ تھے جنھوں نے شور مچایا کہ ہم نے ترمیم پڑھی نہیں، لیکن جب ترمیم آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

25 کلوواٹ تک کے منظور شدہ سولر

کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری

لاہور (یو این پی) لیسکو میں نیٹ میٹرنگ پالیسی کے تحت منظور ہونے والے سولر کنکشنز کی بلنگ نہ ہونے کا معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا، 25 کلوواٹ تک کے منظور شدہ سولر کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری کے اختیارات متعلقہ سرکلز کے سپرد کر دیے گئے ہیں۔

لیسکو میں 25 کلوواٹ تک سولر کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ اختیارات سرکلز کو منتقل

8 فروری تک جمع ڈیمانڈ نوٹسز اور معاہدے والے کنکشنز کی بلنگ کی منظوری دی جائیگی

لاہور (یو این پی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں نیٹ میٹرنگ پالیسی کے تحت منظور ہونے والے سولر کنکشنز کی بلنگ نہ ہونے کا معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا، 25 کلوواٹ تک کے منظور شدہ سولر کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری کے اختیارات متعلقہ سرکلز کے سپرد کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کو سولر کنکشنز کے کیسز کی جانچ پڑتال اور منظوری کے اختیارات دے دیے گئے ہیں۔ نئی ہدایات کے تحت 25 کلوواٹ تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)



